بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

’’میزانیہ 2006ء۔ایک تاثر‘‘

یوں تو پاکستان کی اٹھاون سالہ زندگی کو سمٹا کر سامنے لایا جائے تو اس کی صحیح تعبیر کے لئے ایک لفظ ’’نمائش‘‘ کافی ہو گا۔۔۔علم وحکمت کی اس مہرہ بازی میں، بحث وتکرار کی نمائش۔مکتب و مدرسہ میں پرانے افکار کی نمائش۔معاشیات و اقتصادیات میں، خطوطِ خمدار کی نمائش، مریز وکجدار کی نمائش۔سیاسیات میں، ہوس کی خونریزیاں چھپانے کو عقلِ عیار کی نمائش۔ لیکن بعض اوقات یہ نمائش اس قدر بےنقاب ہوکر سامنے آجاتی ہے کہ اس کا نمائشی لطف بھی ضائع ہوجاتا ہے۔

اگر ہمارے ملک میں کوئی باہوش طبقہ ایسا ہے جس کی آواز ان محلاتِ شاہی میں بسنے والوں (Ruling Class) کی خوابگاہوں تک پہنچ سکتی ہے تو ہم ان سے درخواست کریں گے کہ وہ ان حضرات کے کانوں تک زمانہ کی یہ تلخ حقیقت پہنچا دیں کہ بھوکے کا پیٹ روٹی سے بھرتا ہے، چولہے۔چمٹے۔توے۔پرات کے نقشوں سے نہیں بھرتا۔قوم پینے کے صاف پانی کے ایک ایک قطرے کو ترس رہی ہے۔لاکھوں انسان زندگی کی بنیادی ضروریات تک سے محروم ہو رہے ہیں اور ہمارے یہ تخیلات کی جنتوں میں بسنے والے اربابِ نظم ونسق......

اے پیرِ حرم، رسم و رہِ خانقہی چھوڑ
مقصود سمجھ میری نوائے سحری کا
دل توڑ گئی انکا دو صدیوں کی غلامی
داروُ کوئی سوچ ان کی پریشاں نظری کا

ان کے قفس میں کاغذوں کے پھول رکھنے سے بالآخر کب تک کام چلے گا!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انشاءاللہ

(سر سید احمد خانؒ)

سر سیدؒ نے ہمارے مروجہ اسلام کے غلط معتقدات اور رسومات کی اصلاح کے لئے کیا کچھ کیا' اس کی تفصیل کے لئے ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے۔ ذیل میں ہم ان کا ایک مختصر سا مقالہ درج کرتے ہیں جس سے اندازہ ہو سکے گا کہ وہ اس محاذ پر کن کن گوشوں سے اور کس کس انداز سے حملہ کرتے تھے۔

ہماری فقہ کی کتابوں میں ایک باب ''کتاب الحیل'' کا ہوتا ہے۔ اصل کتاب میں یہ بتایا جاتا ہے کہ شریعت کی رو سے کون کون سی باتیں گناہ ہیں اور ''کتاب الحیل'' میں یہ بتایا جاتا ہے کہ وہ کونسی ترکیبیں ہیں کہ انسان وہ خلاف شریعت کام کرے بھی اور گناہ سے بھی بچ جائے۔ مثلاً کتاب میں لکھا ہوگا کہ جھوٹی قسم کھانا گناہ ہے اور کتاب الحیل میں بتایا جائے گا کہ انسان کن الفاظ میں جھوٹی قسم کھائے کہ اس کے مواخذہ سے بچ جائے۔ ظاہر ہے کہ ان حیلوں کی حیثیت فریب نفس سے کچھ زیادہ نہیں۔ لیکن جو قوم ایسی فریب انگیز باتوں کو اپنی کتب شریعت میں درج کر کے ان پر عمل کرنے کی حوصلہ افزائی کرے' اس قوم کی ذہنیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

زیر نظر مقالہ میں دیکھئے کہ سر سیدؒ اس قسم کی ''شرعی حیلہ کاریوں'' کی نقاب کشائی کس انداز سے کرتا ہے۔ یہ بھی واضح ہے کہ جب کوئی دیدہ ور' شریعت کے نام پر اس قسم کی فریب کاریوں پر نگاہ ڈالے گا تو اس کے قلب حساس پر کس قدر شدید چوٹ لگے گی۔ درد کی یہی شدت تھی جس نے سر سیدؒ کے ہاں طنز کا انداز اختیار کیا تھا۔ انداز تو طنزیہ ہے لیکن جو کچھ کہا گیا ہے وہ سب کچھ ہماری کتب فقہ میں موجود ہے۔

بات کی ابتداء یوں ہوتی ہے کہ ایک فقیہ' کسی عام مسلمان سے پوچھتا ہے کہ کیا تم مسلمان ہو۔ وہ اس کے جواب میں عام دستور کے مطابق کہتا ہے کہ ''انشاءاللہ میں مومن ہوں''۔ اس پر وہ فقیہ بگڑ جاتے ہیں اور جھٹ سے کفر کا فتویٰ جڑ دیتے ہیں۔ اس مکالمہ کی ابتداء اس پس منظر میں ہوتی ہے۔ طلوع اسلام)

''تم نے کیا کہا؟''

''کافر کافر''

''میں نے کہا ''انا مومن انشاءاللہ''۔''

''کیوں حضرت کافر کیوں؟''

''کافر۔ کافر! یوں کہو'' انا مومن حقا'' اس جگہ انشاءاللہ کا لفظ نہیں کہتے' ایسے موقع پر یوں بولنا کفر ہے۔''

پھر حضرت کس جگہ کہتے ہیں:

قسم سے بچنے' وعدہ پورا نہ کرنے' بے گناہ دھوکا دینے' جھوٹ بولنے اور جھوٹا نہ ہونے میں۔''

حضرت پھر تو ''انشاء اللہ'' خوب اوزار ہے۔

کیا مسلمانوں کا برتاؤ اسی مسئلہ پر ہے؟

ہاں جو پرہیزگار' مولوی' عالم' شرع پر چلنے والے ہیں گناہوں سے بچنا چاہتے ہیں' وہ ہمیشہ اس پر خیال رکھتے ہیں۔

حضرت میں تو نہیں سمجھتا۔

فقہ پڑھی ہو' اصول فقہ کو جانا ہو' عالموں کی صحبت اٹھائی ہو تو جانو' جاہل کندۂ ناتراش'' نہ پڑھے نہ لکھے'' جانو تو کیا جانو؟

حضرت آپ ہی سمجھا دیجئے۔

ارے میاں! ''ان'' کے معنی اگر ''شاء'' کے معنی چاہا' اللہ کے معنی تو اللہ کے ہی ہیں' مگر وہ فاعل واقع ہوا ہے جس کے معنی ''نے'' کے ہوتے ہیں۔ اب سب کو ملاؤ تو یہ معنی ہوئے ''اگر چاہا اللہ نے'' اب دو مسئلے فقہ کے اور سمجھ لو' اگر کوئی امر کسی پر مشروط ہو اور بسبب نہ پورے ہونے شرط کے ادا نہ کیا جائے تو کچھ گناہ لازم نہیں آتا۔ ''اذا فات الشرط فات المشروط'' ایک مسئلہ ہوا؟ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ خالق جمیع افعال عباد کا خدا ہے۔ پس جب ان دونوں مسئلوں کو ملا کر انشاء اللہ کے معنوں کو دیکھو تو پھر انشاء اللہ کہنے کے بعد کچھ گناہ باقی نہیں رہتا۔

حضرت! میں مسئلے کو تو بخوبی سمجھ گیا' مگر اب تک میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ گناہ کیونکر نہیں رہتا؟ کیا وہ لفظوں کے الٹ پھیر سے الٹ جاتا ہے؟

جاہل! اور کیا؟ ہماری جیب میں ایک گھڑی ہے۔ ہمارے دوست کو اس کی ضرورت ہے جب اس نے ہم سے مانگی ہم نے کہا کہ ہمارے گھر میں کوئی گھڑی ہی نہیں' اس نے کہا قسم تو کھاؤ۔ ہم نے کہا خدا کی قسم ہمارے گھر میں کوئی گھڑی نہیں۔ یا ہمارے گھر میں ایک اشرفی رکھی ہے۔ ہمارے دوست نے ہم سے اشرفی مانگی ہم نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی اشرفی نہیں' اس نے کہا قسم تو کھاؤ۔ ہم نے کہا خدا کی قسم ہمارے پاس کوئی اشرفی نہیں۔ کیوں سچ بات ہوئی کہ نہیں؟ بات ہی بات میں گناہ الٹ گیا کہ نہیں؟ یہ تو باتیں ہی باتیں ہوئیں' روپے' پیسے' سود بٹے کے معاملہ میں بھی لفظوں ہی کے الٹ پھیر سے گناہ الٹ جاتا ہے۔ تولہ بھر سونا سولہ روپیہ کی قیمت کا ہم سے قرض لو' سود سے بچنے کو کہہ لو کہ بیس تولہ چاندی لیں گے۔ سولہ تولہ چاندی میں وہی تولہ بھر سونا آیا اور چار تولہ چاندی سود میں بچ رہی اور سود نہ ہوا۔ کھوٹا سونا جس میں

ذرا سا تانبے کا میل ہو' قرض دو اور اسی وزن کے برابر کھرا سونا لے لو' مال تو زیادہ کا ہاتھ لگ گیا اور سود نہ ہوا' مکان گروی رکھو' راہن سے کہلوا لو کہ سکونت میں نے ہی کی' کرایہ کا فائدہ ہوا اور سود نہ ہوا' گاؤں گروی لو۔ مثلاً ہزار روپے کو۔ جس میں دوسو روپیہ سالانہ کا فائدہ ہو۔ راہن سے اسی (۸۰) روپیہ سال دینے کے اقرار پر پٹہ لکھوا لو اور گاؤں پر قبضہ کر لو' کل منافع تحصیل کرو' ایک سو بیس روپیہ سال سود کے' پٹے کے نام سے بچے کہ نہیں؟ اور سود نہ ہوا۔

حضرت کیا یہ ہوتا ہے؟

خدا کی قسم سب کرتے ہیں' جتنے مقدس' خدا پرست' وہابی' نیم وہابی' مقلد' حنفی' زمیندار تعلقہ دار ہیں سب کرتے ہیں۔ بڑے بڑے مولویوں نے فتوے دے دیئے ہیں۔

اب سمجھے کہ لفظوں کے الٹ پھیر سے گناہ پلٹ گیا کہ نہیں؟ اجی ابھی ہمارے پاس زکوٰۃ کا روپیہ آئے اور ہم مستطیع ہوں' ابھی گھر میں جا کر بیوی سے کہہ آویں کہ ہم نے اپنا کل مال تم کو ہبہ کیا' اب مفلس ہو گئے کہ نہیں' باہر آویں اور زکوٰۃ کا روپیہ لے لیں' باتیں ہی تو ہیں' ان باریکیوں کے سمجھنے کے لئے علم درکار ہے۔

بھلا حضرت یہ تو ہوا' انشاء اللہ والی بات رہ گئی۔ اس کو بھی کسی مثال سے سمجھا دو۔

ارے میاں یوں سمجھو کہ ہم نے تمہارا دل خوش کرنے کو تم سے کہہ دیا کہ ہم کل تمہارے ہاں آویں گے انشاء اللہ' ہمارا ارادہ آنے وانے کا کچھ نہ تھا یوں ہی کہہ دیا تھا' جب نہ گئے تو معلوم ہوا کہ خدا نے نہیں چاہا' اسی وعدے کو مشروط کیا تھا' اذا فات الشرط فات المشروط۔ بات کی بات میں گناہ پلٹ گیا۔ کبھی تم عدالت میں گواہی دینے بھی گئے ہو؟

ہاں صاحب! ایک دفعہ گیا تھا' میں نے تو جو سچ تھا وہ کہہ دیا تھا' مگر میرا بھائی مقدمہ ہار گیا۔ میں کیا کرتا' وہاں ایک کالی مخمل کی گول چنٹ دار ٹوپی پہنے ہوئے گوری رنگت کا مسلمان مولوی کرسی پر بیٹھا تھا' اس نے قسم دی کہ سچ کہنا' میں جھوٹ بولنے سے ڈر گیا سچ کہہ دیا۔

ہاں فقہ نہ جاننے سے' عالموں کی صحبت نہ اٹھانے سے یہی تو نتیجہ ہوتا ہے' ارے جب اس مولوی جج نے قسم دی تھی کہ سچ بولنا' تو نے کہا ہوتا کہ خدا کی قسم سچ بولوں گا انشاء اللہ' اگر وہ جج نام کا مولوی تھا اور فقہ نہ جانتا تھا تو پکار ہی کر انشاء اللہ کہہ دیا ہوتا اور اگر وہ مولوی تھا اور ٹھیڑے ٹھیڑے بدلائی آن پڑی تھی تو پکار کر کہا ہوتا کہ خدا کی قسم سچ بولوں گا اور جھٹ پٹ دل میں کہہ دیا ہوتا انشاء اللہ' مگر یہ خیال رکھا ہوتا کہ سانس نہ ٹوٹنے پائے ورنہ انشاء اللہ کا جوڑ ٹوٹ جاتا' پھر جو چاہتے وہ کہہ دیتے' ذرا بھی جھوٹی قسم کھانے کا گناہ نہ ہوتا۔

حضرت! باتیں تو آپ نے خوب بتائیں مگر میں حیرت میں ہو گیا' اب تو رخصت ہوتا ہوں' اور کسی سے بھی تحقیق کروں گا' میرا دل دھکڑ پکڑ کرر ہا ہے۔

تم جس مولوی سے چاہنا پوچھنا' یہی بتائے گا۔ کہو تو میں ابھی ہدایہ' شرح وقایہ' درمختار' بحرالرائق' نہر الفائق اور بڑے بڑے معتبر فتاووں سے ہر ایک کی جزئی روایت نکال دوں اور تم نے وہ فتاویٰ بھی دیکھا ہے؟ جو پرانے خاندانی مولویوں اور قاضیوں کے ہاں ہوتا ہے' میں اس وقت اس کا نام بھول گیا ہوں یاد آجائے گا تو بتادوں گا۔ اس میں ہر ایک مسئلہ کی نسبت دو روایتیں لکھی ہیں' ایک میں جائز حلال اور دوسری میں ناجائز حرام لکھ رکھا ہے' پھر جونسی روایت کے مطابق چاہا فتویٰ لے لیا' بہت ہوا روپیہ دو روپیہ' فتویٰ کے نام سے نہیں اور کسی نام سے کبھی کبھی دیتے رہے۔ کیوں؟ بات کی بات میں گناہ پلٹ گیا کہ نہیں؟ مگر اس زمانے میں جو کمبخت مقلدین فلاسفہ ملاحدہ نکلے ہیں وہ تو مذہب اسلام کی جڑ کاٹتے ہیں۔ یا اللہ کیا مشکل پڑی ہے!!!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد سلیم اختر

چار ممتاز علماء کی رائے

(قرآن سے متعلق)

(۱) ابنِ کثیرؒ

قرآن ایک مستقل شریعت ہے تاکہ ہر زمانے کے فرمانبرداروں اور نافرمانوں کا امتحان ہو جایا کرے البتہ توحید سب زمانوں میں یکساں رہی اور معنی اس جملہ کے یہ ہیں کہ اے امت محمدﷺ تم میں سے ہر شخص کے لئے ہم نے اس کتاب' قرآن کریم کو شریعت اور طریقہ بنایا ہے۔تم سب کو اس کی اقتداء اور تابعداری کرنی چاہئے۔ پس بہترین مقاصد حاصل کرنے کا ذریعہ اور طریقہ صرف قرآن کریم ہی ہے اور بس۔(48:5-6)۔

از تفسیر ابن کثیر۔(نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ' کراچی۔۔اردو ترجمہ مولوی محمد جوناگڑھی)

(۲) شیخ الہند محمود الحسنؒ دیوبندی کا ایک سبق آموز واقعہ بروایت مفتی محمد شفیعؒ

''حضرت شیخ الہندؒ مالٹا کی قید سے واپس آنے کے بعد ایک رات بعد نماز عشاء دارالعلوم میں تشریف فرما تھے۔علماء کا بڑا مجمع سامنے تھا۔اس وقت آپ نے فرمایا کہ ''ہم نے تو مالٹا کی زندگی میں دو سبق سیکھے ہیں''۔ یہ الفاظ سن کر سارا مجمع ہمہ تن گوش ہو گیا کہ اس استاذ العلماء درویش نے اسی (۸۰) سال علماء کو درس دینے کے بعد آخر عمر میں جو سبق سیکھے ہیں وہ کیا ہیں؟

فرمایا کہ ''میں نے جہاں تک جیل کی تنہائیوں میں اس پر غور کیا کہ پوری دنیا میں مسلمان دینی و دنیوی ہر حیثیت سے کیوں تباہ ہو رہے ہیں تو (مجھے) اس کے دو سبب معلوم ہوئے؟ ''ایک ان کا قرآن کو چھوڑ دینا۔ دوسرے ان کے آپس کے اختلافات اور خانہ جنگی۔ اس لئے میں وہیں سے یہ عزم لے کر آیا ہوں کہ اپنی باقی (تمام) زندگی اس کام میں صرف کر دوں کہ قرآن کریم کو لفظاً اور معناً عام کیا جائے۔بچوں کے لئے لفظی تعلیم کے مکاتب ہر بستی میں قائم کئے جائیں اور بڑوں کو عوامی درس قرآن کی صورت میں اس کے معنی سے روشناس کرایا جائے اور قرآنی تعلیمات پر عمل کے لئے آمادہ کیا جائے اور مسلمانوں کے باہمی جنگ و جدال کو کسی قیمت پر بھی برداشت نہ کیا جائے۔''

(ماخوذ از وحدت امت۔تالیف مفتی محمد شفیع۔شائع کردہ مکتبہ المنبر فیصل آباد (پاکستان)۔

(۳) ابوالکلام آزاد (مرحوم)

’’اگر ایک شخص مسلمانوں کی تمام موجودہ تباہ حالیوں اور بدبختیوں کی علت حقیقی دریافت کرنا چاہے اور ساتھ ہی یہ شرط بھی لگا دے کہ صرف ایک ہی علت اصلی ایسی بیان کی جائے جو تمام علل واسباب پر حاوی اور جامع ہو تو اس کو بتایا جا سکتا ہے کہ علماء حق و مرشدین کاملین کا فقدان اور علماء سوء ومفسدین دجالین کی کثرت ربنا انا اطعنا سادتنا وکبرآء نا فاضلونا السبیلا o(33:67)۔

اور پھر اگر وہ پوچھے کہ ایک ہی جملے میں اس کا علاج کیا ہے تو اس کا امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کے الفاظ میں جواب ملنا چاہئے کہ لا یصلح اخر ھذہ الامۃ الا بما صلح بہ اولھا۔ یعنی امت مرحومہ کے آخری عہد کی اصلاح کبھی نہ ہو سکے گی! تاوقتیکہ وہی طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس سے اس کے ابتدائی عہد نے اصلاح پائی تھی اور وہ اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ قرآن حکیم کے اصلی وحقیقی معارف کی تبلیغ کرنے والے مرشدین و صادقین پیدا کئے جائیں۔‘‘

(ماخوذ از (البلاغ) جلد اول‘ شمارہ اول‘ مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۱۵ء)۔

(۴) ثناء اللہ امرتسریؒ

علماء نے قرآنِ مجید کی مختلف انداز میں تفسیریں لکھی ہیں۔ بعضوں نے احادیث و آثار سے استفادہ کیا ہے اور کچھ حضرات نے اپنی اپنی عقل کا سہارا لیا ہے حالانکہ تمام حضرات اس پر متفق ہیں کہ سب سے بہتر طریقہ کلام اللہ کی تفسیر خود آیاتِ قرآنی سے کرنا ہے۔

(تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن‘ صفحہ ۲)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نئے پڑھنے والوں کے لئے چند گذارشات

(۱) **طلوع اسلام** نے کبھی یہ نہیں کہا کہ سنت رسول اللہ ﷺ کو نہ مانو اور سب احادیث کو دریا بُرد کر دو۔ وہ کہتا صرف یہ ہے کہ احادیث کی کتابوں میں صحیح حدیثیں بھی ہیں اور غلط بھی۔ جو حدیث قرآن کریم کے مطابق ہے وہ صحیح ہے جو قرآن کے خلاف جاتی ہے وہ غلط ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اس قسم کی غلط احادیث کو چھوڑ دو اور صرف صحیح احادیث کو مانو۔

(۲) **طلوع اسلام** یہ بھی نہیں کہتا کہ اسلاف کی کوئی بات نہ مانو۔ وہ صرف اتنا کہتا ہے کہ اسلاف کی کتابوں میں بھی جو کچھ ہے اسے قرآن کی کسوٹی پر پرکھ لو۔ جو بات اس کے مطابق ہو، اسے صحیح مانو، جو اس کے خلاف ہو اسے چھوڑ دو۔ وہ یہ بھی نہیں کہتا کہ ہمارے بزرگوں نے قرآن شریف کو نہیں سمجھا تھا۔ وہ صرف یہ کہتا ہے کہ قرآن شریف ہر ایک کو حکم دیتا ہے کہ وہ اسے غور و فکر سے، سوچ سمجھ کر پڑھے۔ اس لئے ہمیں قرآن شریف پر خود غور کر کے اسے سمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

(۳) **طلوع اسلام** کوئی نیا فرقہ نہیں بنانا چاہتا۔ فرقہ بنانا قرآن کریم کی رو سے شرک ہے۔

(۴) **طلوع اسلام** کوئی نیا مذہب ایجاد کرنا نہیں چاہتا۔ اس کا ایمان ہے کہ قرآن کریم تمام نوع انسانی کے لئے واحد، مکمل اور آخری ضابطۂ حیات ہے۔ نبی اکرم ﷺ خدا کے آخری نبی اور رسول ہیں اور اسلام ہی خدا کا سچا دین ہے۔

طلوع اسلام چاہتا یہ ہے کہ:

جس طرح کی حکومت، رسول اللہ ﷺ اور حضورؐ کے بعد خلفائے راشدینؓ نے قائم کی تھی، اسی قسم کی حکومت پاکستان میں قائم کی جائے تا کہ ہر شخص کی ضروریات زندگی اطمینان کے ساتھ پوری ہوتی رہیں اور کوئی بھوکا ننگا نہ رہے۔ ہر شخص سے عدل و انصاف ہو اور قرآن شریف کے خلاف جس قدر قانون ہیں وہ سب منسوخ ہو جائیں اور قانون صرف خدا کا چلے۔ یہ بات ان لوگوں کو ناگوار گزرتی ہے جو خالص خدا کا قانون نہیں چاہتے۔ کیونکہ اس سے ان کی ذاتی اغراض پر زد پڑتی ہے۔ اس لئے وہ طلوع اسلام کی مخالفت کرتے ہیں۔ (ادارہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

منصور سرمدی
mansoor_sarmadi@yahoo.com

سائنسی تحقیق۔ ’’فقیہانہ‘‘ موشگافیوں کی زد میں

دِلِ مُلاّ گرفتارِ غمے نیست
نگاہے ہست در چشمش نمے نیست
ازاں بگریختم از مکتبِ او
کہ در ریگِ حجازش زمزمے نیست [1]

گزشتہ ماہ کے مقالہ میں قارئین کی توجہ اس منفی اور مخالفانہ پراپیگنڈے کی طرف دلائی گئی تھی جو تسلسل اور تواتر کے ساتھ قرآنی فکر کے علمبرداروں' قرآنی تعلیمات اور سائنسی تحقیقات کے خلاف ببانگ دہل کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر محمد دین قاسمی کی حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب 'غلام احمد پرویز' اپنی تحریروں کے آئینے میں' سے مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق دو ایک اقتباسات کا جائزہ لے کر مصنف کی دروغ گوئی' بدنیتی اور خیانت کاری کو طشت ازبام کیا گیا تھا۔ انہی کی قبیل کے ایک اور بزعم خویش ''مفکر'' کی تحقیقِ 'انیق' آج کے اس مقالے کا موضوع بحث ہے۔ ''محاضراتِ حدیث'' کے نام سے ایک کتاب شائع کی گئی ہے جس کے مصنف ہیں ڈاکٹر محمود احمد غازی جو کہ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں شعبہ اسلامیات سے وابستہ ہیں۔ غازی صاحب ماضی میں مذہبی امور کے وزیر رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ ۹۳۔۱۹۹۰ء میں اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بھی رہ چکے ہیں۔ موصوف نے ۲۰۰۴ء میں اسلام آباد میں علمِ حدیث اور اس کی تاریخ پر چند تقاریر کی تھیں جنہیں ریکارڈ کر لیا گیا تھا۔ انہی تقاریر کو بعد میں ''محاضرات حدیث'' کے نام سے کتابی شکل میں مدون کر لیا گیا ہے۔

---

[1] مفہوم:
مُلاّ کا دِل غم و درد سے خالی ہے
اُس کی آنکھ میں بینائی تو ہے لیکن نمی نہیں ہے
اسی باعث میں اس کے مکتب سے دور بھاگتا ہوں
کہ اس کے حجاز میں ریت ہے لیکن زمزم (جیسا چشمہ) نہیں ہے (سلیم اختر)

قارئینِ طلوعِ اسلام فرانس کے ڈاکٹر موریس بوکائے کے نام سے بخوبی آشنا ہیں۔ان کی کتاب ''بائبل' قرآن اور سائنس'' ایک تحقیقی شاہکار ہے جو انگریزی میں ترجمہ ہونے کے بعد بین الاقوامی سطح پر اپنا مقام بنا چکا ہے۔اس کتاب میں ڈاکٹر بوکائے نے بائبل اور قرآن کریم کے ان بیانات کو سائنسی کسوٹی پر رکھ کر پرکھا ہے جو سائنسی میدان سے علاقہ رکھتے ہیں اور ان میں سے بھی انہوں نے صرف ان امور کو لیا ہے جو سائنس میں حقیقت ثابتہ (Established Facts) کا درجہ اختیار کر چکے ہیں۔اس سائنسی غور وفکر نے انہیں جس نتیجے پر پہنچایا' اسے انہوں نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

"The Qur'an did not contain a single statement that was assailable from modern scientific point of view. I repeated the same test for the old Testament and the Gospels, always preserving the same objective outlook. In the former, I did not even have to go beyond the first book, Genesis, to find statements totally out of keeping with the cast-iron facts of modern science." *(Introduction, page viii).*

ترجمہ: قرآن میں ایک بھی بیان ایسا نہیں جس پر جدید سائنس کے نقطۂ نظر سے حرف گیری کی جا سکے۔ اسی معیار کو میں نے عہد نامہ قدیم اور اناجیل کے لئے آزمایا اور ہمیشہ وہی معروضی نقطۂ نظر قائم رکھا۔ اول الذکر میں مجھے پہلی ہی کتاب ''آفرینش'' سے آگے نہیں جانا پڑا اور ایسے بیانات مل گئے جو جدید سائنس کے مسلمہ حقائق سے کلی طور پر عدم مطابقت رکھتے تھے۔'' (بائبل' قرآن اور سائنس' تعارف ص viii)۔

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ انہوں نے اسی سائنسی کسوٹی پر صحیح بخاری کی احادیث کو بھی پرکھا۔اس کے نتائج کیا تھے' اس کا ذکر ذرا آگے چل کر آئے گا۔قارئین کرام! ڈاکٹر بوکائے کی مذکورہ کتاب فرانسیسی اور انگریزی زبانوں میں مارکیٹ میں دستیاب ہے۔مسلم ممالک کی تقریباً تمام اہم زبانوں میں اس کے تراجم ہو چکے ہیں۔ ہر شخص با سانی اسے خرید کر پڑھ سکتا ہے' مگر آیئے دیکھتے ہیں کہ غازی صاحب اس بارے میں کیا نقطہ نظر پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔وہ ڈاکٹر موریس بوکائے کے بارے میں لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر حمید اللہ سے ان کے مراسم اور روابط بڑھ گئے۔ دونوں پیرس میں رہتے تھے۔ بعد میں ان کو خیال ہوا کہ اسی طرح کا مطالعہ صحیح بخاری کا بھی کرنا چاہئے۔ انہوں نے صحیح بخاری کا بھی مطالعہ شروع کر دیا۔صحیح بخاری میں سائنسی نوعیت کے جتنے بیانات تھے ان کی الگ سے فہرست بنائی۔انہوں نے اس طرح کے غالباً سو بیانات منتخب کئے۔ان سو بیانات کا ایک ایک کر کے جائزہ لینا شروع کر دیا اور یہ دیکھا کہ کس بیان کے نتائج سائنسی تحقیق میں کیا نکلتے ہیں۔ یہ سب بیانات جمع

کرنے اور ان پر غور کرنے کے بعد انہوں نے ایک مقالہ لکھا جو ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کو دکھایا۔ یہ واقعہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے مجھے خود سنایا۔'' (محاضرات حدیث' ص ۴۵۰)۔

اس اقتباس میں چند نکات قابل توجہ ہیں۔ غازی صاحب کے اس اقتباس کے مطابق:

۱۔ ڈاکٹر بوکائے کو یہ خیال کہ صحیح بخاری کی احادیث کو بھی سائنسی معیار پر پرکھنا چاہئے' اپنی کتاب (The Bible, The Quran and Science) شائع کرنے کے بعد آیا۔

۲۔ صحیح بخاری میں سائنسی نوعیت کے بیانات کی الگ فہرست بنائی گئی جن کی تعداد ''غالباً'' سو تھی۔

۳۔ ان بیانات کا علیحدہ علیحدہ سائنسی تجزیہ کیا گیا اور نتائج اخذ کئے گئے۔ ان نتائج کو انہوں نے ایک مقالہ میں جمع کیا جسے انہوں نے ڈاکٹر حمید اللہ کو دکھایا۔

۴۔ یہ پورا واقعہ حمید اللہ صاحب نے مصنف موصوف کو خود سنایا۔

اب قارئین کے سامنے ان چاروں نکات کا جائزہ بالترتیب پیش کیا جاتا ہے۔

(الف) یہ بات حقائق کے بالکل علی الرغم ہے کہ صحیح بخاری کی احادیث کا سائنسی تجزیہ کرنے کا خیال ان کو اپنی مذکورہ کتاب شائع کرنے کے بعد آیا۔ یہاں ڈاکٹر بوکائے کی کتاب The Bible, The Quran and Science سے اقتباس پیش کیا جاتا ہے جس سے بات واضح ہو جائے گی۔ انہوں نے کتاب کے آخر میں ''قرآن' حدیث اور جدید سائنس'' کا ایک باب باندھا ہے۔ اس میں وہ لکھتے ہیں:

> "I thought it of interest to delve into the literature of Hadiths to find out how Mohammad is said to have expressed himself, out side the context of written revelation, on subjects that were to be explained by scientific progress in following centuries. Althouth "Sahih Muslim" is also an authentic collection, in this study I have stirctly limited myself to the texts of the Hadiths which are generally considered to be the most authentic, i.e. those of "Al-Bukhari." (pages 243-44)

ترجمہ: میں نے اس چیز کو دلچسپی کا باعث سمجھا کہ حدیثی مواد کا' یہ معلوم کرنے کے لئے جائزہ لوں کہ محمد ﷺ تحریر شدہ وحی سے ہٹ کر ان موضوعات پر کیونکر گفتگو کیا کرتے تھے سائنسی اصولوں کے مطابق جن کی توضیح وتشریح آئندہ صدیوں میں کی جاتی تھی۔ اگرچہ صحیح مسلم بھی ایک مستند مجموعہ ہے لیکن اس تحقیقی مطالعہ کے لئے میں نے خود کو سختی سے ان احادیث کے متون تک محدود رکھا ہے جو عموماً سب سے زیادہ مستند سمجھی جاتی ہیں یعنی البخاری کی احادیث''۔ (بائبل' قرآن اور سائنس'

ص۴۴۔۲۴۳)۔

(ب) دوسرے نکتے میں کہا گیا ہے کہ صحیح بخاری سے سائنسی نوعیت کے غالباً سو بیانات کا انتخاب کیا گیا۔ سب سے پہلے تو یہاں لفظ ''غالباً'' اس بات کا غماز ہے کہ خود مصنف موصوف کو بھی اس بات کا اطمینان حاصل نہیں ہے۔ شکیہ جملے کبھی بھی یقین کا فائدہ نہیں دے سکتے۔

(ج) اس نکتے سے معلوم پڑتا ہے کہ بقول غازی صاحب جن سو احادیث کا سائنسی تجزیہ کیا گیا ہے ان کے نتائج ایک مقالے کی شکل میں مرتب کئے گئے تھے۔ یہ مقالہ اس وقت کہاں ہے؟ آپ شہر کے تمام بک سٹورز چھان ماریۓ انٹرنیٹ کی غواصی کر جایئے' یہ مقالہ آپ کو کہیں نہیں ملے گا۔

؎ کچھ نہ سمجھے' خدا کرے کوئی

(د) اس نکتے میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس تمام واقعے کو ڈاکٹر حمید اللہ نے غازی صاحب کو بذات خود سنایا۔ یعنی بات کیا ہوئی؟ ڈاکٹر بوکائے ایک سو احادیث کا سائنسی تجزیہ کرتے ہیں اور اس پر ایک بھرپور مقالہ لکھ ڈالتے ہیں۔ اس مقالے کو شائع نہیں کرواتے بلکہ اپنے دوست حمید اللہ کو دکھاتے ہیں۔ حمید اللہ صاحب بھی غازی صاحب کو صرف زبانی یہ واقعہ سناتے ہیں۔ غازی صاحب اس مقالے کا نام درج نہیں کرتے۔ یعنی اگر اس مقالے کا کوئی وجود ہوتا تو غازی صاحب اس کا نام ضرور درج کرتے اور یہ بازار میں دستیاب ہوتا۔ مذہبی پیشوائیت کا سارا کاروبار زبانی روایات کے سہارے چلتا ہے۔ اب آپ آگے بڑھیئے۔ موصوف اس سے آگے لکھتے ہیں کہ:

> ''ڈاکٹر حمید اللہ کا کہنا تھا کہ جب میں نے اس مقالہ کو پڑھا کو پڑھا تو اس میں لکھا ہوا تھا کہ صحیح بخاری کے جو سو بیانات میں نے منتخب کئے ہیں ان میں سے اٹھانوے بیانات تو سائنسی تحقیق میں صحیح ثابت ہوتے ہیں۔ البتہ دو بیانات غلط ہیں''۔ (محاضرات حدیث' ص۴۵۰)۔

یہاں ایک لمحہ کے لئے رک کر غور کرنا ہوگا۔ جس مقالے کی دہائی دی جا رہی ہے' اس کا کوئی نام درج نہیں کیا جا رہا' کسی صفحہ یا باب کا حوالہ نہیں دیا جا رہا۔ آیئے اب دیکھتے ہیں کہ غازی صاحب کے بقول جن دو بیانات کو فرانس کے محقق نے سائنسی تجزیہ کے نتیجے میں غلط قرار دیا ہے' وہ کونسے بیانات ہیں۔ غازی صاحب فرماتے ہیں:

> ''ڈاکٹر موریس بکائے نے جن دو بیانات کو غلط قرار دیا تھا' ان میں سے ایک تو صحیح بخاری میں درج حضور اکرم ﷺ کا یہ ارشاد ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ جب کھانے میں کوئی مکھی گر جائے تو اس کو اندر پورا ڈبو کر پھر نکالو۔ اس لئے کہ مکھی کے ایک پر میں بیماری اور دوسرے میں شفا ہوتی ہے۔ تم دونوں پروں کو اس میں ڈبو دو تاکہ شفا والا حصہ بھی کھانے میں ڈوب جائے۔ جب وہ گرتی ہے تو بیماری والا حصہ کھانے میں پہلے ڈالتی ہے۔ ڈاکٹر بوکائے کا خیال تھا کہ یہ غلط ہے۔ مکھی کے کسی پر میں شفا نہیں ہوتی' مکھی تو گندی چیز ہے۔

اگر کھانے میں مکھی گر جائے تو کھانے کو ضائع کر دینا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات سائنسی طور پر غلط ہے۔'' (ایضاً' ص ۴۵۱۔۴۵۰)۔

محمود احمد غازی صاحب کی زبانی آپ نے ڈاکٹر بوکائے کا اعتراض سن لیا۔ اب دیکھئے کہ حمید اللہ صاحب کس طرح ڈاکٹر بوکائے کی خبر لیتے ہیں۔ سنئے اور سر دھنئے۔ غازی صاحب لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر حمید اللہ نے اس کے جواب میں ڈاکٹر مورس بوکائے سے کہا کہ میں نہ تو سائنس دان ہوں اور نہ میڈیکل ڈاکٹر' اس لئے میں آپ کے ان دلائل کے بارے میں سائنسی اعتبار سے تو کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن ایک عام آدمی کے طور پر میرے کچھ شبہات ہیں جن کا آپ جواب دیں تو پھر اس تحقیق کو اپنے اعتراضات کے ساتھ ضرور شائع کر دیں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے کہا میں نے میٹرک میں سائنس کی ایک دو کتابیں پڑھی تھیں۔ اس وقت مجھے کسی نے بتایا تھا کہ سائنس دان جب تجربات کرتے ہیں تو اگر ایک تجربہ دو مرتبہ صحیح ثابت ہو جائے تو سائنس دان اسے پچاس فیصد درجہ دیتا ہے اور جب تین چار مرتبہ صحیح ثابت ہو جائے تو اس کا درجہ اور بھی بڑھ جاتا ہے اور چار پانچ مرتبہ کے تجربات میں بھی اگر کوئی چیز صحیح ثابت ہو جائے تو آپ کہتے ہیں کہ فلاں بات سو فیصد صحیح ثابت ہو گئی۔ حالانکہ آپ نے سو مرتبہ تجربہ نہیں کیا ہوتا۔ ایک تجربہ تین چار مرتبہ کرنے کے بعد آپ اسے درست مان لیتے ہیں۔ ڈاکٹر مورس نے کہا کہ ہاں واقعی ایسا ہی ہے۔ اگر چار پانچ تجربات کا ایک ہی نتیجہ نکل آئے تو ہم کہتے ہیں کہ سو فیصد یہی نتیجہ ہے۔ اس پر ڈاکٹر حمید اللہ نے کہا کہ جب آپ نے صحیح بخاری کے سو بیانات میں سے اٹھانوے تجربہ کر کے درست قرار دے دیئے ہیں تو پھر ان دو نتائج کو بغیر تجربات کے درست کیوں نہیں مان لیتے؟ جب کہ پانچ تجربات کر کے آپ سو فیصد مان لیتے ہیں۔ یہ بات تو خود آپ کے معیار کے مطابق غلط ہے۔ ڈاکٹر مورس بوکائے نے اس کو تسلیم کیا کہ واقعی ان کا یہ نتیجہ اور یہ اعتراض غلط ہے۔'' (محاضراتِ حدیث' ص ۴۵۲)۔

جب ایک غیر متعلقہ (Unqualified) شخص کسی ایسے موضوع پر رائے زنی کرے جو اس کا میدان ہی نہ ہو تو اس کا وہی نتیجہ نکلتا ہے جو اوپر درج شدہ بحث کا نکلتا ہے۔ اگر حمید اللہ صاحب کا موقف تسلیم کر بھی لیا جائے تو بھی یہ خلطِ مبحث کے سوا کچھ نہیں ہے۔ حمید اللہ صاحب سائنسدانوں کا یہ اصول بتا رہے ہیں کہ اگر ایک ہی تجربہ کم از کم چار بار دہرانے سے درست ثابت ہو جائے تو اسے سو فیصد درست مان لیا جاتا ہے اور ڈاکٹر بوکائے کا گلہ کرتے ہیں کہ انہوں نے صحیح بخاری کے اٹھانوے بیانات کا تجزیہ کیا وہ درست قرار پائے تو دو کو جوں کا توں کیوں نہ مان لیا

جائے؟ قارئین کرام فرض کر لیجئے کہ مذکورہ اصول درست ہے۔ اس اصول کے تحت صحیح بخاری کے سومختلف نوعیت کے سائنسی بیانات کے لئے کم ازکم چارسو تجربات کرنے لازم بنتے ہیں کیوں کہ اس اصول کے مطابق ایک ہی تجربہ کم ازکم چار مرتبہ دہرایا جائے تو وہ سو فیصد درست ثابت ہوتا ہے یعنی (400=4x100)۔ مگر حمید اللہ صاحب کا اصرار ہے کہ آپ کو سومختلف بیانات میں سے صرف چار کا تجربہ کر کے ان کو درست پا کر باقی چھیانوے کو بغیر تجربہ کئے درست قرار دے دینا چاہئے تھا۔ حتیٰ کہ آپ نے اٹھانوے تجربات کر لئے اور دو کو غلط قرار دیا۔ حالانکہ آپ کو ان دو کو بغیر تجربے کے درست مان لینا چاہئے تھا۔

اس کے بعد غازی صاحب کے بقول' حمید اللہ صاحب ایک محدثانہ شان سے تاویلات کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر ڈاکٹر بوکائے کا وہ تعاقب کرتے ہیں کہ ڈاکٹر بوکائے کو سرِتسلیم خم کرنا پڑتا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:

> ''دوست بات ڈاکٹر حمید اللہ نے یہ کہی کہ میرے علم کے مطابق آپ میڈیکل سائنس کے ماہر ہیں۔ انسانوں کا علاج کرتے ہیں۔ آپ جانوروں کے ماہر تو نہیں ہیں' تو آپ کو پتہ نہیں کہ دنیا میں کتنے قسم کے جانور پائے جاتے ہیں۔ پھر ڈاکٹر (حمید اللہ) صاحب نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ علم حیوانات میں کیا کیا شعبے اور کون کونسی ذیلی شاخیں ہیں اور ان میں کیا کیا چیزیں پڑھائی جاتی ہیں لیکن اگر علم حیوانات میں 'مکھیات' کا کوئی شعبہ ہے تو آپ اس شعبہ کے ماہر نہیں ہیں۔ کیا آپ کو پتہ ہے کہ دنیا میں کتنی اقسام کی مکھیاں ہوتی ہیں؟ کیا آپ نے کوئی سروے کیا ہے کہ دنیا میں کس موسم میں کس قسم کی مکھیاں پائی جاتی ہیں۔ جب تک آپ عرب میں ہر موسم میں پائی جانے والی مکھیوں کا تجربہ کر کے اور ان کے ایک ایک جز کا معائنہ کر کے' لیبارٹری میں چالیس پچاس سال لگا کر نہ بتائیں کہ ان میں کسی مکھی کے پر میں کسی بھی قسم کی شفا نہیں ہے' اس وقت تک آپ یہ مفروضہ کیسے قائم کر سکتے ہیں کہ مکھی کے پر میں بیماری یا شفا نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر موریس بوکائے نے اس سے بھی اتفاق کیا کہ واقعی مجھ سے غلطی ہوئی۔ پھر ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ اگر آپ تحقیق کر کے یہ ثابت بھی کر دیں کہ مکھی کے پر میں شفا نہیں ہوتی تو یہ کیسے پتہ چلے گا کہ چودہ سو سال پہلے ایسی مکھیاں نہیں ہوتی تھیں۔ ہوسکتا ہے ہوتی ہوں' ممکن ہے ان کی نسل ختم ہو گئی ہو۔ جانوروں کی نسلیں تو آتی ہیں اور ختم بھی ہو جاتی ہیں۔ روز کا تجربہ ہے کہ جانوروں کی ایک نسل آئی اور بعد میں وہ ختم ہوگئی۔ تاریخ میں ذکر ملتا ہے اور خود سائنسدان بتاتے ہیں کہ فلاں جانور اس شکل کا اور فلاں اس شکل کا ہوتا تھا۔ ڈاکٹر موریس نے اس کو بھی درست تسلیم کیا۔'' (محاضرات حدیث' ص ۴۵۳)۔

فرانس جیسے ترقی یافتہ ملک کے ایک ایسے ماہر سرجن ڈاکٹر کے، جس کی غیر جانبداری اور عدم تعصب اس کی شاہکار کتاب سے اظہر من الشمس ہوں، برصغیر کے ایک غیر سائنسی ڈاکٹر کے ظنی دلائل (جوان الفاظ سے مملو ہوں......ممکن ہے......ہوسکتا ہے......شاید......غالباً......تاریخ میں ہے......وغیرہ) کے آگے بے بس ہوکر اپنی غلطی تسلیم کر لینے کو حمید اللہ صاحب کی کرامت ہی سمجھنا چاہئے، ورنہ تو یہ دلائل اتنے پھسپھسے اور بودے (Poor) ہیں کہ ان کا رد کرنے کے لئے کسی ارسطو کے دماغ کی ضرورت نہیں ہے۔ سبھی جانتے ہیں کہ ملیریا کا علاج کرنے والے ڈاکٹرز کو بلاشبہ یہ علم سکھایا جاتا ہے کہ کس قسم کے مچھر کے کاٹنے سے صحت مند آدمی ملیریا کا شکار ہو جاتا ہے۔ باؤلے کتے کے کاٹے (Rabbies) کے معالجین کو باؤلے کتے کے متعلق بھرپور معلومات سے آگاہ کیا جاتا ہے لیکن چونکہ غازی صاحب کا بیان کردہ یہ سارا مکالمہ اور پوری رپورٹ ہی زیبِ وثراثر پر مبنی ہے اس لئے اس پر تبصرہ کرنا مفید مطلب نہیں ہوگا۔ قبل اس کے کہ صحیح بخاری کے اس دوسرے سائنسی نوعیت کے بیان کی طرف بڑھا جائے جسے بقول غازی صاحب، ڈاکٹر بوکائے نے سائنسی تحقیق کے نتیجہ میں غلط قرار دیا، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ غازی صاحب کے ایک طبع زاد اصول کو سامنے لایا جائے تاکہ قارئین کو اندازہ ہو سکے کہ اس ملک میں تحقیق کے نام پر کیا کچھ ہو رہا ہے۔

ہماری کتب روایات میں ہر قسم کی رطب و یابس روایات موجود ہیں جنہیں چن چن کر معاندین اسلام اپنی کتابوں میں استعمال کرتے ہیں اور محمد الرسول اللہ ﷺ والذین معہٗ اسلام اور امہات المومنینؓ کو ہدف اعتراض بناتے ہیں۔ اس مسئلہ کا مناسب حل تو یہ ہے کہ ایسی تمام روایات جو قرآنی تعلیمات کے خلاف ہوں کو مسترد کر دیا جائے اور صرف وہی روایات لی جائیں جو قرآنی تعلیمات کے مطابق ہوں۔ مگر غازی صاحب اس کا ایک انوکھا علاج تجویز کرتے ہیں، فرماتے ہیں:

> ''میں اعتراضات کا جواب دینے کے اس طریقے کو صحیح نہیں سمجھتا کہ پہلے آپ اعتراض نقل کریں اور پھر اس کا جواب دیں۔ آپ اصل بات کو اس طرح بیان کریں کہ اعتراض پیدا ہی نہ ہو۔ یہ زیادہ دیرپا اور زیادہ مؤثر طریقہ ہے۔ اعتراضات بیان کر کے ان کا جواب دینا صحیح طریقہ نہیں ہے''۔ (ایضاً، صفحہ ۴۶۲)۔

گویا روایت اس طرح سے بیان کی جائے کہ جو باتیں قابل اعتراض معلوم ہوتی ہوں ان میں کوئی اعتراض محسوس ہی نہ ہو۔ یہ تو صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ جب یا تو روایت کے قابل اعتراض حصے کو دشمن کی طرف منسوب کر دیا جائے اور یا سرے سے غائب ہی کر دیا جائے اور یا پھر تاویلات کے گورکھ دھندے میں دھکیل دیا جائے۔ ممکن ہے آپ کو یہ عجیب سا لگے مگر غازی صاحب نے ایسا ہی کیا ہے۔ اس کو ایک مثال کے ذریعے بیان کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ صحیح بخاری (کتاب الوضو) میں ایک روایت اس طرح سے درج ہے:

''حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ عکل یا عرینہ کے چند

آدمی آئے اور مدینہ میں انہیں پیٹ کی بیماری ہوگئی۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اونٹنیوں میں جانے اور ان کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا۔ چنانچہ وہ گئے۔ جب تندرست ہو گئے تو حضور کے چرواہے کو قتل کر کے اونٹنیوں کو ہانک کر لے گئے۔ جب صبح آپ کو خبر ہوئی تو آپ نے ان کے پیچھے آدمی دوڑائے۔ سورج چڑھتے ہی وہ لوگ (گرفتار کر کے) لائے گئے۔ آپ نے حکم دیا کہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور سیسہ پگھلا کر ان کی آنکھوں میں ڈالا جائے اور مقام حرہ میں انہیں پھینکا جائے۔ وہ لوگ شدت پیاس سے پانی مانگتے تھے، لیکن انہیں پانی نہیں دیا جاتا تھا''۔ (ترجمہ: مولانا مولوی حکیم دائم صاحب جلالی)۔

اس روایت میں متعدد باتیں قابل اعتراض ہیں، مثلاً

(۱) اللہ کے رسول ﷺ کسی شخص کو پیشاب پینے کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں۔

(۲) اللہ کے رسول ﷺ ان کی آنکھوں میں سیسہ پگھلانے (اور بعض روایات کے مطابق گرم سلائیاں پھیرنے) کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں؟

(۳) اللہ کے رسول ﷺ ان مجرمین کو اس انداز میں سزا کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں؟

(۴) یہ کیسے ممکن ہے کہ مجرم شدت پیاس سے پانی مانگے اور رحمت اللعالمین ﷺ اسے پانی نہ دیں؟

اب دیکھئے کہ اسی روایت کو غازی صاحب اپنے خانہ ساز اصول کے ماتحت اپنے الفاظ میں کس طرح بیان کرتے ہیں، لکھتے ہیں:

''دوسری بات جو انہوں نے غلط قرار دی وہ بھی صحیح بخاری ہی کی ایک روایت ہے۔ عرب میں ایک قبیلہ تھا، عرنئیین کا، بنی عرینہ کہلاتا تھا۔ یہ لوگ مشہور ڈاکو تھے اور پورے عرب میں ڈاکے ڈالا کرتے تھے۔ اس قبیلہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے اور اسلام قبول کیا یا اسلام قبول کرنے کا دعویٰ کیا اور رسول اللہ ﷺ سے کچھ مراعات اور مدد مانگی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو مدینہ میں ٹھہرنے کے لئے ٹھکانا دیا اور کچھ صحابہ کو ان کی مہمانداری کے لئے مقرر کیا۔ مدینہ منورہ کی آب و ہوا ان کے موافق نہیں آئی اور وہ بیمار ہو گئے۔ بیماری کی تفصیل یہ بتائی کہ ان کے رنگ زرد ہو گئے، پیٹ پھول گئے اور ایک خاص انداز کا بخار جس کو آج کل Yellow Fever کہتے ہیں، ان کو ہو گیا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ بیماری دیکھی تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تم مدینہ کے باہر فلاں جگہ چلے جاؤ۔ مدینہ منورہ سے کچھ فاصلہ پر ایک جگہ تھی جہاں بیت المال کے سرکاری اونٹ رکھے جاتے تھے۔ وہاں جا کر رہو۔ اونٹ کا دودھ بھی پیو اور پیشاب بھی پیو۔ بات عجیب سی ہے۔ لیکن بخاری میں یہی درج ہے۔ چنانچہ انہوں نے

یہ علاج کیا اور چند روز وہاں رہنے کے بعد انہیں شفا ہو گئی۔ جب طبیعت ٹھیک ہو گئی تو انہوں نے اونٹوں کے باڑے میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مامور چوکیدار کو شہید کر دیا اور بیت المال کے اونٹ لے کر فرار ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ کو پتہ چلا کہ یہ لوگ نہ صرف اونٹ لے کر فرار ہو گئے ہیں بلکہ وہاں پر متعین صحابیؓ کو بھی اتنی بے دردی سے شہید کیا ہے کہ انؓ کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے ہیں۔ گرم سلاخ ٹھونس کر آنکھیں پھوڑ دیں اور صحابیؓ کو ریگستان کی گرم دھوپ میں زندہ تڑپتا ہوا چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور وہ بیچارے وہیں تڑپ تڑپ کر شہید ہو گئے ہیں تو حضور ﷺ کو یہ سب کچھ سن کر بہت دکھ ہوا اور صحابہ کرامؓ کو بھی اس پر بہت زیادہ غصہ آیا۔ حضور ﷺ نے صحابہ کو ان کا پیچھا کرنے کے لئے بھیجا اور وہ لوگ گرفتار کر کے قصاص میں قتل کر دیئے گئے''۔
(ایضاً، ص ۴۵۱)۔

اس روایت کے بیان کرنے میں غازی صاحب نے اپنے طبع زاد اصول یعنی ''اصل بات کو اس طرح بیان کریں کہ اعتراض پیدا ہی نہ ہو'' کی مکمل پیروی کی ہے۔ قابل اعتراض چیزوں میں سے غازی صاحب نے بعض کو دشمن کی طرف منسوب کر دیا، بعض کا ذکر گول کر گئے اور بعض کی دور از کار تاویلات کی ہیں۔ آپ ایک نظر پیچھے درج کئے گئے ان اعتراضات پر ڈال لیجئے جو اس روایت پر عموماً کئے جاتے ہیں۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ غازی صاحب نے ان اعتراضات کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔

(۱) پہلا اعتراض یہ تھا کہ اللہ کے رسول ﷺ کسی شخص کو پیشاب پینے کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں؟ غازی صاحب نے حمید اللہ صاحب کی زبانی اس اعتراض کی مضحکہ خیز تاویل کی ہے جو ذرا آگے چل کر درج کی جائے گی۔

(۲) دوسرا اعتراض یہ تھا کہ اللہ کے پیغمبر ﷺ ان مجرموں کی آنکھوں میں گرم سلاخیں (بعض روایات کے مطابق، گرم سیسہ پگھلا کر) کیونکر ڈال سکتے ہیں؟ غازی صاحب نے اس اعتراض کو مجرمین کی طرف منسوب کر دیا ہے اور کہا ہے کہ ان مجرموں نے بیت المال کے چوکیدار کے ساتھ یہ سب کیا تھا۔

(۳) تیسرا اعتراض یہ تھا کہ اللہ کے رسول ﷺ ان لوگوں کو اس انداز میں سزا کا حکم کیسے دے سکتے ہیں؟ غازی صاحب نے اس اعتراض کو بھی مجرمین کی طرف منسوب کر کے کہا ہے کہ دراصل ان لوگوں نے ایسا کیا تھا۔

(۴) چوتھا اعتراض یہ تھا کہ خواہ کوئی کیسا ہی مجرم کیوں نہ ہو، شدت پیاس سے پانی مانگے اور اللہ کے رسولؐ کی طرف سے اس کی اجازت نہ دی جائے؟ غازی صاحب نے اس اعتراض کو سرے سے ہی گول کر دیا اور ذکر تک نہ کیا۔

(۵) اس کے علاوہ غازی صاحب نے بنی عرینہ کے متعلق کہا ہے کہ یہ لوگ مشہور ڈاکو تھے اور پورے عرب میں ڈاکے ڈالا کرتے تھے۔ جبکہ بخاری کی روایت میں یہ بات نہیں کہی گئی۔

آج سے کچھ عرصہ پیشتر تک یہ ممکن تھا کہ ایک استاد چاہے تو روایت کو جیسے چاہے بیان کر دے۔ طالب علم ایک تو مروت وعقیدت کی وجہ سے اسے تسلیم کر لیتا تھا‘ دوسرا مذہبی کتابوں تک عدم رسائی اس سلسلے میں سب سے بڑی رکاوٹ تھی۔ مگر آج اشاعتی سہولتوں اور خاص طور پر مذہبی کتابوں کی انٹرنیٹ پر آسان رسائی نے صورت حال مکمل طور پر تبدیل کر دی ہے۔ آج ایک میٹرک کا طالب علم بھی محض کتاب کا نام جان کر تمام حوالہ جات کو بذات خود بہ آسانی چیک کر سکتا ہے لہٰذا آج یہ پرانا داؤ نہیں چل سکتا۔ استاد کسی بھی معاشرے کا معزز ترین فرد ہوتا ہے۔ اس نے قوموں کی تعمیر کرنا ہوتی ہے۔ استاد کی سیرت اچھی ہوگی تو نتیجتاً قوم کے نونہالوں کی سیرت پر اس کا مثبت اثر پڑے گا۔ اسے اتفاق کہئے کہ پروفیسر محمد دین قاسمی ہوں یا محمود احمد غازی صاحب‘ دونوں کا تعلق درس وتدریس سے ہے۔ کم از کم ایک استاد کو کِذب نگاری اور کتمانِ حقیقت سے کوسوں دور رہنا چاہئے تھا۔ کیونکہ اگر استاد خود ہی ان ہتھکنڈوں پر اتر آئے تو پھر تلامذہ کا کیا حال ہوگا؟ انگریزی کا ایک مقولہ ہے "If the gold rusts, what shall iron do?"

اب آیئے اس بڑے اعتراض کی طرف کہ رسول اللہ ﷺ کسی کو پیشاب پینے کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں‘ اور دیکھئے کہ غازی صاحب کے بقول حمید اللہ صاحب نے کن محدثانہ تاویلات اور فقیہانہ موشگافیوں سے اس کا دفاع کرنے کی سعی فرمائی ہے۔ غازی صاحب لکھتے ہیں:

’’پھر ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے کہا کہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ حضور ﷺ نے اونٹ کا پیشاب پینے کا حکم دیا‘ حالانکہ شریعت نے پیشاب کو ناپاک کہا ہے۔ بالکل صحیح ہے۔ یہ حیوانی بدن کا مسترد کردہ مواد ہے‘ یہ بھی درست ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ میں بطور ایک عام آدمی (Layman) کے یہ سمجھتا ہوں کہ بعض بیماریوں کا علاج تیزاب سے بھی ہوتا ہے۔ دواؤں میں کیا ایسڈ شامل نہیں ہوتے۔ جانوروں کے پیشاب میں کیا ایسڈ شامل نہیں ہوتا۔ ہوسکتا ہے کہ بعض علاج جو آج خالص اور آپ کے بقول پاک ایسڈ سے ہوتا ہے تو اگر عرب میں اس کا رواج ہو کہ کسی نیچرل طریقے سے لیا ہوا کوئی ایسا لیکویڈ جس میں تیزاب کی ایک خاص مقدار پائی جاتی ہو‘ وہ بطور علاج کے استعمال ہوتا ہو اس میں کونسی بات بعید از امکان اور غیر سائنسی ہے۔‘‘ (ایضاً‘ ص ۴۵۳)۔

اس کے بعد غازی صاحب کے بقول حمید اللہ صاحب نے اپنے موقف کی تائید میں ایک طویل قصہ سنایا جس کا ملخص یہاں درج کیا جاتا ہے۔ حمید اللہ صاحب نے بتایا کہ انہوں نے ایک کتاب پڑھی تھی (کتاب کا نام نہیں دیا گیا۔ م۔س)۔ اس میں لکھا تھا کہ جرمنی کے ایک شخص ڈاؤٹی نے ۲۶۔۱۹۲۴ء میں پورے عرب کا دورہ کیا تھا اور اس کے جغرافیہ پر دو کتابیں لکھیں جن کے نام Arabia Deserta اور

Arabia Petra تھے یعنی عرب کا بالترتیب صحرائی اور پہاڑی حصہ۔ یہ آدمی ایک دفعہ بیمار ہو گیا۔ اس کا رنگ زرد ہو گیا' پیٹ پھول گیا۔ اس نے بہت علاج کروایا مگر افاقہ نہ ہوا۔ آخر جرمنی کے ایک بڑے ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ جہاں سے یہ بیماری لگی تھی ممکن ہے وہاں کوئی مقامی دیسی علاج ہو۔ ڈاوٹی نے اپنے خادم بدو سے اس کا ذکر کیا جس نے اسے اونٹوں کے ایک باڑے میں لے جا کر کہا کہ یہاں چند دن اونٹوں کے دودھ اور پیشاب کے سوا کچھ نہ پینا۔ چنانچہ صرف ایک ہفتہ کے عمل سے وہ شخص بالکل ٹھیک ہو گیا۔ جب یہ قصہ حمید اللہ صاحب نے ڈاکٹر بوکائے کے گوش گزار کیا تو' غازی صاحب لکھتے ہیں کہ اس پر: ''مورس بوکائے نے اپنے دونوں اعتراضات واپس لے لئے اور اس مقالہ کو انہوں نے اپنے دونوں اعتراضات کے بغیر ہی شائع کر دیا''۔ (ص ۴۵۴)۔

ہمیں اس بات کا پورا احساس ہے کہ یہ لغو اور لایعنی قصے ایک طرف تو قارئین کی نفاست طبع پر گرانی کا باعث بنے ہوں گے' دوسری طرف ان کے ذوق سلیم کے لئے وجۂ صد اضطراب۔ ہم قارئین سے معذرت خواہ ہیں کہ ہمیں یہ طولانی مخترعات درج کرنا پڑ رہی ہیں' لیکن کیا کیجئے

بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

اگر یہ مفروضہ داستان اور تخیلاتی مکالمہ درج نہ کیا جاتا تو شاید قارئین تک معاملہ کی سنگینی کا احساس منتقل نہ ہو پاتا۔ قارئین! یہ تمام واقعہ تین ڈاکٹروں کے گرد گھومتا ہے' جن میں سے دو ڈاکٹر یعنی حمید اللہ صاحب اور غازی صاحب' ایسے ہیں کہ سائنس کبھی بھی ان کا موضوع نہیں رہا۔ یہ دونوں حضرات فنون یعنی (Arts) میں (Ph.D) ہونے کی جہت سے ڈاکٹر کہلاتے ہیں۔ جب کہ تیسرے ڈاکٹر موریس بوکائے واقعتاً ایک محقق سائنسدان ہیں۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مضمون کے آخر میں ڈاکٹر موریس بوکائے کی وہ تحقیقات درج کی جائیں جو انہوں نے اپنی شہرہ آفاق کتاب ''بائبل' قرآن اور سائنس'' کے آخر میں صحیح بخاری کی متعدد احادیث کو سائنسی کسوٹی پر پرکھنے کے بعد مرقوم فرمائی تھیں۔ ڈاکٹر بوکائے کے الفاظ میں:

"I have compared the findings made during an examination of the hadiths with those already set out in the section on the Quran and modern Science. The results of this comparison speak for themsleves. The difference is in fact quite staggering between the accuracy of data contained in the Quran when compared with modern scientific knowledge, and the highly questionable character of certain statements in hadiths on subjects whose tenor is essentially scientific. These are the only hadiths to have been dealt with in this study. (pp-244)

ترجمہ: ''میں نے ان معلومات کا موازنہ کیا ہے جو

'قرآن اور جدید سائنس' کے جز میں پہلے ہی پیش کی جا چکی ہیں۔اس موازنہ کے نتائج خود بولتے ہیں۔قرآن میں دیئے گئے اعداد و شمار (معلومات) کی صحت جب اسے جدید سائنسی علم پر جانچا جاتا ہے اور (اس کے بالمقابل) احادیث میں انتہائی قابل اعتراض قسم کے وہ بیانات جو بنیادی طور پر سائنسی نوعیت کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں...... درحقیقت دونوں کا تفاوت شش و پنج میں مبتلا کر دینے والا ہے۔یہی وہ احادیث ہیں جن پر اس مطالعہ میں بحث کی گئی ہے''۔ (ص۲۴۴)۔

اس کے بعد ڈاکٹر بوکائے نے صحیح بخاری کی ایسی روایات کا ذکر کیا ہے' جنہیں انہوں نے جدید سائنس کی کسوٹی پر پرکھا لیکن غیر درست پایا۔ قارئین کی معلومات کے لئے چند مقامات کا ترجمہ درج کیا جاتا ہے۔ڈاکٹر بوکائے لکھتے ہیں:

''مختلف بیماریوں سے متعلق عنوانات پر پیش کی گئی بعض تشریحات سے آج کے زمانے میں اتفاق کرنا مشکل ہے۔ ان میں سے مندرجہ ذیل کا ذکر کیا جاتا ہے۔

...... بخار کے اسباب: اس واقعہ کی شہادت میں چار بیانات ہیں کہ ''بخار دوزخ کی گرمی سے ہوتا ہے''۔ (البخاری کتاب الدواء جلد ہفتم باب ۲۸' ص ۴۱۶)۔

...... ہر بیماری کے لئے ایک دوا ہے۔خدا نے کوئی ایسی بیماری نہیں پیدا کی جس کا اس نے علاج نہ پیدا کیا ہو۔ (ایضاً باب اول' ص ۳۹۵)۔اس تصور کی 'مکھی والی حدیث' سے تشریح کی گئی ہے۔''اگر تم میں سے کسی شخص کے برتن میں مکھی گر جائے تو اس پوری مکھی کو (اس برتن میں ڈبوؤ اور پھر اس کو پھینک دو کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفا ہے (اس کا تریاق) یعنی اس بیماری کا علاج''۔ (ایضاً ابواب ۱۶-۱۵' صفحات ۴۵۳-۴۵۲ نیز کتاب آفرینش جز ۵۴' ابواب ۱۶-۱۵)۔

...... سانپ کو دیکھنے سے اسقاط حمل (جس سے اندھا بھی ہو سکتا ہے)۔ یہ بات کتاب آفرینش جلد چہارم' باب ۱۳ اور ۱۴' صفحات ۳۳۰ اور ۳۳۴ میں ذکر کی گئی ہے''۔) (بائبل' قرآن اور سائنس' صفحہ ۲۴۶)۔

ڈاکٹر موریس بوکائے نے بہت سی روایات کا تجزیہ پیش کیا ہے۔ سب کا درج کرنا ذرا مشکل ہے۔ اونٹ کے پیشاب والی روایت کے متعلق وہ لکھتے ہیں۔''یہ بہر حال بنیادی طور پر کوئی بہت اچھا خیال نہیں ہے کہ یہ تجویز کیا جائے کہ لوگ اونٹ کا پیشاب پیئیں۔'' (ایضاً' ص ۲۴۶)۔

قارئین! ڈاکٹر موریس بوکائے کی کتاب بازار میں بہ آسانی دستیاب ہے۔ اس کتاب کے اردو تراجم بھی دستیاب ہیں۔ڈاکٹر بوکائے کی کتاب میں سے قارئین خود متعلقہ عبارات دیکھ سکتے ہیں لیکن غازی صاحب کہہ چکے ہیں کہ انہیں یہ واقعہ ڈاکٹر حمید اللہ نے 'خود' سنایا تھا۔اب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب چونکہ وفات پا چکے ہیں اس لئے آپ ان سے تصدیق بھی نہیں کر

سکتے۔ اب آپ کو اسی 'خبرِ واحد' پر یقین کرنا پڑے گا۔ اگر آپ کسی طرح ڈاکٹر موریس بوکائے سے رابطہ کر کے یا پھر ان کی کتاب 'بائبل' قرآن اور سائنس' کھول کے غازی صاحب کے سامنے رکھ دیں اور کہیں کہ صاحب یہاں تو آپ کے فرمودے کے برعکس درج ہے۔ اس کے جواب میں غازی صاحب جو کچھ کہیں گے اسے سمجھنے سے پہلے ایک لطیفہ پڑھ لیجئے۔

ایک انگریز اور ایک مذہبی پیشوا (مُلّا) ایک کشتی میں ہمسفر تھے۔ انگریز نے ایک جام شراب کا پیا اور ایک جام اس پیشوا کو بھی دیا۔ مذہبی پیشوا نے پینا شروع کر دیا تو انگریز نے کہا 'یہ شراب حرام ہے'۔ ایک لمحے کے لئے مذہبی پیشوا نے جام کو ہونٹوں سے ہٹا لیا۔ انگریز کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے بولا: 'اس کے شراب ہونے کا آخر ثبوت کیا ہے؟'

انگریز نے کہا کہ 'میرے مجوسی نوکر نے ایک یہودی دوکاندار سے خریدی ہے'۔ اس پر مذہبی پیشوا جھٹ بول اٹھا۔

''یہ روایت ضعیف ہے''۔

یہ کہہ کر اس نے جام دوبارہ ہونٹوں سے لگا لیا۔

قارئین کرام! آخر میں ایک اہم بات اور وہ یہ کہ اس مقالے کا مقصد کسی فرد کی کردار کشی کرنا نہیں ہے بلکہ ان ہتھکنڈوں کو سامنے لانا ہے جو ہماری مذہبی پیشوائیت قرآن کریم کی آواز کو دبانے کے لئے بروئے کار لا رہی ہے۔ وگرنہ ہمارے لئے تو سب قابلِ احترام ہیں۔ بقول اقبالؔ:

فقیہِ شہر کی تحقیر کیا مجال مری
مگر یہ بات کہ میں ڈھونڈتا ہوں دل کی کشاد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آصف جلیل

قل ھو اللہ احد

دنیا میں جاری مخاصمت' نا انصافی' جھگڑے' اختلافات' فساد وغیرہ کی اگر صرف ایک وجہ معلوم کرنا چاہیں تو وہ دوہرا معیار ہوگی۔ چاہے کوئی انسان ہو یا گروہ' جماعت ہو یا قبیلہ' صوبہ ہو یا ملک ہر ایک کی کوشش ہوتی ہے کہ دوسرے اس کی مرضی کے تابع ہوں۔ قاعدے قوانین دوسروں کے لئے ہوتے ہیں وہ ان سے بالاتر ہے۔ کوئی کمزور شخص یا ملک تو ایسا کرنے کی جرات نہیں کرسکتا البتہ طاقتور نہیں چاہتا کہ وہ کسی ضابطے یا قانون کی زنجیر میں جکڑا جائے۔ اگر دولت اور طاقت کا گٹھ جوڑ ہوجائے تو پھر ہر فرعون ''انا ربکم الأعلی'' کا اعلان کردیتا ہے۔
صرف اسی دور کو سنہرا قرار دیا جاسکتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل ہوتا تھا۔ اس کے سوا تو ہر دور میں یہی ہوتا رہا ہے کہ ایک اقلیتی گروہ اکثریت پر کبھی طاقت کے ذریعے اور کبھی ذہنی طور پر غلام بنا کر حکمرانی کرتا ہے۔ آج کے مہذب دور میں صورت حال کچھ زیادہ تبدیل نہیں ہوئی۔ یہ تو ہوا ہے کہ بعض ممالک نے اپنے ہاں بہت اچھا نظام قائم کررکھا ہے لیکن وہ صرف اس ملک میں رہنے والوں کے لئے ہوتا ہے۔ دوسرے ممالک کے عوام کو وہ مختلف نظر سے دیکھتے ہیں۔

قرآن کریم میں انسانوں کے معاملات چلانے کے لئے وہ رہنما اصول آئے ہیں جو کسی بھی مسئلے کا واحد ممکنہ حل پیش کرتے ہیں مگر مفاد پرست عناصر اسے قبول نہیں کرتے۔ انسان کی مجبوری یہ ہے کہ وہ عمل تو اپنی مرضی سے اختیار کرسکتا ہے لیکن نتائج پر اس کا بس نہیں چلتا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے قانون کے مطابق ہی نکلتے ہیں۔ اصول وضوابط کو خاطر میں نہ لانے کا لازمی نتیجہ فساد ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ:

> وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ
> (۲۳ : ۷۱)
>
> اگر حق بھی ان لوگوں کا اتباع کرتا تو آسمانوں اور زمین اور ان میں رہنے والوں میں فساد برپا ہو جاتا۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے باہمی

معاملات کے لئے اپنی طرف سے ایک ایسا ضابطہ عطا کیا ہے جس کی حدود میں رہتے ہوئے وہ اپنے اختلافی امور میں فیصلے کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی اس ضابطے کو تسلیم ہی نہیں کرتا تو پھر کبھی بھی امن قائم نہیں ہوسکتا۔ مملکت کے امور سے متعلق بے قاعدگی اور بدعنوانی کے خاتمے لئے جو رہنمائی آئی ہے وہ سورہ الاخلاص میں یکجا کر دی گئی ہے۔ اس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

کہو کہ اللہ ایک ہے۔

یہاں ایک بات کی وضاحت ضروری ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنی صفات حمیدہ بیان کرتا ہے تو اس سے اپنی ذات کے بارے میں بتانا مقصود نہیں ہوتا کیونکہ اس کی ذات کا نہ تو ہم تصور کر سکتے ہیں اور نہ ہی اسے کسی مثال سے سمجھا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ہمارا تعلق اس کے قوانین کے ذریعے سے ہے اور اللہ کی صفات دراصل اس کے قانون کی صفات ہیں۔ یعنی اللہ کے نام سے قائم ہونے والی مملکت میں ایسے قوانین رائج ہونے چاہیے جو اس کی صفات سے ہم آہنگ ہوں۔ اس طرح مندرجہ بالا آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ کا قانون ایک ہے، اس کا اطلاق سب پر یکساں طور پر ہوگا۔ کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ یہ کبھی بھی بدلے گا نہیں نہ اس میں ترمیم ہوگی۔

اللَّهُ الصَّمَدُ

اللہ بے نیاز ہے

اس صفت کا اطلاق مملکت میں اس طرح ہوگا کہ قانون پر عمل درآمد کرنے میں کوئی چیز حائل نہیں ہوگی۔ انسانوں کی دنیا میں با اثر لوگ ارباب اختیار کو مختلف ذرائع سے لالچ اور ترغیب دیتے ہیں تاکہ سزا سے بچا جاسکے یا مفادات حاصل ہوسکیں۔ لیکن اللہ کے قانون میں اس کی بالکل گنجائش نہیں ہے۔

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ

نہ اس نے کسی کو جنم دیا نہ اسے کسی نے جنم دیا

یعنی اللہ کے قانون میں خونی یا نسبی رشتوں کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ اگر جج کا بیٹا ہو تو وہ سزا سے بچ جائے۔ نہ اقربا پروری کی کوئی صورت نکل سکتی ہے، نہ دوستی اور تعلقات کا لحاظ۔ نہ کسی قسم کا دباؤ یا زبردستی ہوسکتی ہے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً اَحَدٌ

کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے جو ضابطۂ حیات دیا ہے' وہ مکمل ہے۔ لہٰذا کسی فرد' گروہ یا ملک وغیرہ کو اس بات کا اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنی طرف سے کوئی ضابطہ دے یا منوائے۔ نہ ہی اس میں کسی قسم کی ترمیم یا اضافہ کرے۔ اس ضابطہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لوگ اپنے تجویز کردہ حل پیش کرتے ہیں جو ہرگز غیر جانبدارانہ نہیں ہوتے اور نہ ہی ان

کا اطلاق ہر زمانے کے انسانوں پر یکساں طور پر ہو سکتا ہے۔ ایسے حل صرف اللہ تعالی کی طرف سے دیے گئے ہیں جو اس کی آخری کتاب میں موجود ہیں۔

یہ عظیم سورت امور مملکت کو احسن طریق سے چلانے اور کسی بھی قسم کی بدعنوانی سے پاک رکھنے کے لئے رہنما اصول پیش کرتی ہے۔ جن ممالک کو فلاحی ریاستیں کہا جاتا ہے وہ انہیں اصولوں پر عمل پیرا ہیں، لیکن جنہیں مسلمان ممالک کہا جاتا ہے وہاں اندازہ ہے کہ سب سے زیادہ اس سورت کو پڑھا جاتا ہے کیونکہ جسے دوسری کوئی سورت نہ آتی ہو وہ نماز میں صرف اسے پڑھتا ہے، لیکن تمام پڑھنے والے اس سے بے خبر ہیں کہ اس میں کونسے اصول دیے گئے ہیں اور ان پر عمل کرنے سے ان کے مسائل ختم ہو جائیں۔

جب ہم اپنے ملک پر نگاہ ڈالتے ہیں تو صاف دکھائی دیتا ہے کہ ان اصولوں کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں۔ اللہ تعالی کے احکامات تو دور کی بات ہے، انسانوں کے بنائے ہوئے قانون پر عملدرآمد ہونے کی کہیں صورت نظر نہیں آتی۔ حیران کن بات یہ ہے کہ جو لوگ خود خلاف ورزیوں کے مرتکب ہوتے ہیں وہ بھی دوسروں کی شکایت کر رہے ہوتے ہیں۔ اپنے کسی کارنامے کو فخریہ بیان کرتے ہوئے بھول جاتے ہیں کہ وہ دوسروں کی انہیں باتوں پر تنقید کرتے ہیں۔ سب سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ جن اداروں کے ذمہ قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانا ہے' وہ خود ان کی خلاف ورزی میں پیش پیش ہیں۔ ایسے میں قرآنِ کریم پیش کرنے والوں پر دوہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے طرزِ عمل کا جائزہ بھی لیتے رہیں تاکہ قول و فعل کا تضاد پیدا نہ ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عمار ناصر

آزادی رائے، مغرب اور امت مسلمہ

ڈنمارک کے ایک اخبار میں نبی ﷺ کی توہین اور گستاخی پر مبنی خاکوں کی اشاعت سے عالم اسلام میں احتجاج کی جو طوفانی لہر پیدا ہوئی تھی، جذبات کا کتھارسس ہو جانے کے بعد حسب توقع مدھم پڑتی جا رہی ہے۔ مذہبی قائدین کی توجہ فطری طور پر دوسرے مسائل نے حاصل کر لی ہے اور خدانخواستہ اس نوعیت کے کسی آئندہ واقعے کے رونما ہونے تک، عوامی سطح پر پائے جانے والے مذہبی جذبات بھی بظاہر پرسکون ہو چکے ہیں۔ اس طرح کے کسی بھی بحران میں امت مسلمہ کی جانب سے اختیار کردہ حکمت عملی کا تجزیہ، غلطیوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی، مستقبل کی پیش بینی اور اس حوالے سے کسی ٹھوس لائحہ عمل کی تیاری اگرچہ ہماری روایت کے خلاف ہے، تاہم اس میں کوئی حرج نہیں کہ تازہ واقعے اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالات و واقعات سے صورت حال کے جو توجہ طلب پہلو ابھر کر سامنے آئے ہیں، ان پر کم سے کم ایک نظر ہی ڈال لی جائے۔

مغرب اور عالم اسلام کے مابین پرامن تعلقات کے قیام کے لئے ضروری ہے کہ قرآن مجید، پیغمبر اسلام، یا مسلمانوں کے مذہبی شعائر کی توہین پر مبنی اس طرح کے واقعات ظہور پذیر نہ ہوں۔ اس ضمن میں بنیادی الجھن یہ ہے کہ مغربی معاشرہ چونکہ ایک خاص فکری ارتقا کے نتیجے میں مذہبی معاملات کے حوالے سے حساسیت کھو چکا ہے، نیز وہاں ریاستی نظم اور معاشرے کے مابین حقوق اور اختیارات کی بھی ایک مخصوص تقسیم وجود میں آ چکی ہے، اس وجہ سے مغربی حکومتیں قانونی سطح پر ایسے واقعات کی روک تھام کی کوئی ذمہ داری اٹھانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اس صورت حال میں امت مسلمہ کا لائحہ عمل کیا ہونا چاہئے؟ اس سوال کے جواب میں اختلاف رائے موجود ہے۔ ایک مکتب فکر کی رائے یہ ہے کہ معروضی حالات میں دعوتی اسپرٹ کے تحت اس طرح کے واقعات کے حوالے سے صبر واعراض سے کام لیا جائے اور اسلام کا پیغام مثبت طریقے سے مغربی دنیا تک پہنچانے پر اکتفا کی جائے۔ دوسرا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ اس

ضمن میں امت مسلمہ کی حساسیت کومغرب اور اسلام کے مابین تعلقات کے حوالے سے باقاعدہ ایشو بننا چاہئے اور مغرب کو عالم اسلام کا موقف سننے' اس پر غور کرنے اور اس کو وزن دینے پر حتی الوسع مجبور کرنا چاہئے۔ ہم اس اختلاف کوحکمت عملی کا اختلاف سمجھتے اور اس حوالے سے دونوں نقطہ ہائے نظر کے مابین تفصیلی مباحثہ کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تاکہ دونوں لائحہ ہائے عمل کے مضمرات پوری طرح سامنے آسکیں۔ تاہم ہماری ناقص رائے میں دوسری اپروچ زیادہ عملی اور امت مسلمہ کے جذبات و نفسیات کے زیادہ قرین ہے۔

اگر عالم اسلام سیاسی و اقتصادی لحاظ سے اس پوزیشن میں ہوتا کہ مغرب کو اپنا موقف ''سمجھا'' سکے تو معاملہ نسبتاً آسان ہو جاتا' لیکن جیسا کہ واضح ہے' یہ سردست میسر نہیں۔ حالیہ واقعات نے' البتہ' مسئلے کے ایک اور پہلو کو نمایاں کیا ہے اور وہ یہ کہ مغربی معاشرے کے نمایاں اور فہیم طبقات نے' بالعموم' اس مسئلے کے حوالے سے امت مسلمہ کے ساتھ اخلاقی ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور مغربی ذرائع ابلاغ پر زور دیا ہے کہ وہ کسی بھی مذہبی گروہ کے جذبات کوٹھیس پہنچانے سے گریز کریں۔ اس ضمن میں یورپی پارلیمنٹ کی منظورہ کردہ قرارداد کو ہمارے خیال میں اہل مغرب کے عمومی زاویہ نگاہ کا ترجمان قرار دیا جا سکتا ہے۔ یورپی پارلیمنٹ کی قرارداد میں ذرائع ابلاغ سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ آزادی رائے کے حق کو انسانی و مذہبی حقوق کے احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے استعمال کریں۔ قرارداد میں مزید کہا گیا ہے کہ آزادی رائے کے حق کے استعمال کے نتیجے میں اگر کسی فرد یا گروہ کے جذبات کوٹھیس پہنچتی ہے تو اسکی تلافی کے لئے اسے عدالت کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور اس مقصد کے لئے (قرارداد کے بقول) یورپی ممالک میں نافذ موجودہ قوانین کافی ہیں۔

یہ ردعمل بدیہی طور پر اس ردعمل سے مختلف ہے جو مغربی دنیا نے سلمان رشدی کے معاملے میں ظاہر کیا تھا۔ غور کیا جائے تو اس کا سبب خود ہماری حکمت عملی میں پوشیدہ ہے۔ سلمان رشدی کے معاملے میں مغرب کی اخلاقی حس کو اپیل کرنے کے بجائے اس کے قانونی دائرہ اختیار کو چیلنج کرتے ہوئے رشدی کے قتل کا فتویٰ صادر کیا گیا تھا' جبکہ حالیہ واقعے میں ہم نے عالمی فورم پر یہ مسئلہ اصلاً اخلاقی سطح پر اٹھایا۔ یہ اسی کا اثر تھا کہ بعد میں رونما ہونے والے پرتشدد واقعات کے باوجود مغربی دنیا معاملے کو اخلاقی زاویے ہی سے دیکھنے پر مجبور ہوئی اور امت مسلمہ کا موقف اور جذبات ایک حد تک اہل مغرب تک پہنچ سکے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اہل مغرب کی عمومی اخلاقی حس اور عالم اسلام کے ساتھ پرامن تعلقات کے قیام کی خواہش کو' جو وسیع پیمانے پر پائی جاتی ہے' حکمت اور دانش کے ساتھ وسیلہ بنایا جائے تو مغربی معاشرے میں مذہبی نوعیت کی نہ سہی' سیاسی و مفاداتی

نوعیت کی سہی، وہ حساسیت پیدا کی جاسکتی ہے جس کا فقدان اس وقت عالم اسلام کے احساسات و جذبات کی کماحقہ رعایت میں مانع ثابت ہو رہا ہے۔

تازہ صورت حال کا ایک اور مثبت اور قابل توجہ پہلو یہ ہے کہ اس نوعیت کے گزشتہ واقعات کی طرح، اس واقعے کے بعد بھی مغربی عوام میں اسلام اور پیغمبر اسلام کے بارے میں مزید جاننے اور بہتر واقفیت حاصل کرنے کے جذبے کو مہمیز ملی ہے۔ امریکی مسلمانوں کی تنظیم ''کیر'' (Council for American-Islamic Relationship) کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ بحران کے بعد جب کونسل نے نبی ﷺ کے بارے میں صحیح معلومات فراہم کرنے کی ایک مہم کا آغاز کیا تو صرف 48 گھنٹے کے اندر امریکہ اور کینیڈا سے 1600 پیغام موصول ہوئے جن میں نبی ﷺ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی گئی تھی۔ گزشتہ سال مئی 2005ء میں امریکی فوجیوں کی جانب سے گوانتاناموبے میں قرآن مجید کی بے حرمتی کے واقعات سامنے آئے تو اس موقع پر بھی ''کیر'' نے قرآن مجید کے مترجم نسخے پھیلانے کی مہم شروع کی اور ہزاروں امریکیوں نے قرآن مجید کا نسخہ حاصل کرنے کے لئے کونسل کے ساتھ رابطہ کیا۔ امت مسلمہ اور بالخصوص دیار مغرب کے مسلمانوں کو مغربی دنیا میں پیدا ہونے والے اس تجسس اور جذبہ جستجو کو غنیمت سمجھنا چاہئے اور اس فضا سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حکمت اور دانش کے ساتھ اسلام اور پیغمبر اسلام کی اصل تصویر اہل مغرب کے سامنے پیش کرنی چاہئے۔

یہ تو وہ پہلو ہیں جن کا تعلق اسلام اور مغرب کے باہمی روابط سے ہے۔ اس کے علاوہ امت مسلمہ کی داخلی صورت حال اور رویے کے حوالے سے بھی چند امور قابل توجہ، بلکہ درست تر الفاظ میں قابل اصلاح ہیں:

پہلی چیز ہے کہ دنیا کو اخلاقیات کا درس دینے سے پہلے ضروری ہے کہ ہم اپنے گھر کا جائزہ لے کر یہ دیکھیں کہ دوسرے مذہبی گروہوں کے جذبات کے احترام کے حوالے سے خود ہماری اخلاقی صورت حال کیا ہے۔ افسوس ہے کہ اس ضمن میں کوئی اچھی مثال دینے کے لئے بالعموم ماضی ہی کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ ہماری تاریخ کے دور اول نے یہ منظر بھی دیکھا کہ فتح اسکندریہ کے موقع پر جب کسی مسلمان سپاہی کے پھینکے ہوئے تیر سے سیدنا مسیح علیہ السلام کی تصویر کی ایک آنکھ پھوٹ گئی تو اسلامی لشکر کے سپہ سالار عمرو بن العاص نے 'قصاص' کے لئے اپنی آنکھ پیش کر دی، اور اب دور زوال میں ہم نے اس ''اجتماعی اخلاقیات'' کا مظاہرہ بھی کیا کہ خالص سیاسی محرکات کے تحت دنیا کے ایک بڑے مذہب کے بانی گوتم بدھ کے مجسمے تباہ کئے گئے تو اسے بت شکنی کی روایت کا احیاء قرار دے کر اس پر داد و تحسین کے ڈونگرے برسائے گئے۔ ہمارے ہاں

ایک مذہبی گروہ کے ''پیغمبر'' کے بارے میں تضحیک، تمسخر اور توہین پر مبنی جو لٹریچر شائع ہوتا اور مذہبی جلسوں میں جو زبان معمول کے طور پر استعمال کی جاتی ہے، وہ ہماری اخلاقی سطح کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے۔

دوسری چیز، جو اہمیت کے لحاظ سے کسی طرح بھی پہلی سے کم نہیں، یہ ہے کہ اہل اسلام نے، کم از کم مغرب میں رونما ہونے والے واقعات پر ردعمل ظاہر کرنے کے حوالے سے، توہین رسالت کو جناب نبی اکرم ﷺ کی ذات گرامی تک محدود کر رکھا ہے۔ مغرب میں سیدنا مسیح علیہ السلام اور دوسرے پیغمبروں کے بارے میں بھی توہین اور گستاخی کا رویہ موجود ہے اور اس کا اظہار مختلف واقعات کی صورت میں ہوتا رہتا ہے، لیکن ہمارے علم میں ایسا کوئی واقعہ نہیں کہ امت مسلمہ نے، امت کی سطح پر نہ سہی، انفرادی یا اداراتی سطحوں پر ہی اس حوالے سے غم و غصے کے جذبات اہل مغرب تک پہنچانے کی کوشش کی ہو۔ اللہ کے پیغمبروں کے مابین یہ تفریق اسلام کی تعلیم کے سراسر خلاف ہے اور اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ مذہبی و سیاسی مخاصمت ہماری نفسیات پر اس درجے میں اثر انداز ہو چکی ہے کہ ہم نے ''اپنے'' پیغمبر اور ''ان کے'' پیغمبروں کے مابین بھی حد فاصل قائم کر لی ہے۔

تیسری چیز یہ ہے کہ ہمیں توہین و تضحیک اور تنقید کے مابین فرق کو ہر حال میں ملحوظ رکھنا ہوگا۔ توہین و تمسخر کا جواب تو یقیناً اعراض یا پرامن احتجاج ہے، لیکن اسلام یا پیغمبر اسلام پر کی جانے والی کوئی تنقید اگر علمی یا استدلالی پہلو لئے ہوئے ہے تو اس کو اسی زاویے سے دیکھنا چاہئے۔ ہماری رائے میں قرآن کے مقابلے میں کسی کا 'الفرقان' پیش کرنا قرآن کی توہین نہیں بلکہ اس پر تنقید ہے، اور اس پر احتجاج کرنا ایک بے معنی بات ہے۔ اپنے جیسا کلام پیش کرنے کا چیلنج خود قرآن نے جن و انس کو دے رکھا ہے اور اگر کوئی شخص اس چیلنج کے جواب میں کوئی کاوش کرتا ہے یا کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کا پورا پورا حق حاصل ہے۔ اگر ہمارا قرآن مجید کے ایک معجز کلام ہونے کا دعویٰ محض اعتقادی نہیں ہے تو پھر کسی کو اس میں کوئی شبہ نہیں ہونا چاہئے کہ اس طرح کی کوئی بھی کوشش قرآن کے چیلنج کو مزید موکد کرنے کے سوا اور کوئی خدمت انجام نہیں دے سکے گی۔

(بشکریہ ماہنامہ الشریعہ، اپریل 2006ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

منظور الحسن

اسلام اور مصوری

(جاوید احمد غامدی کا نقطۂ نظر)

انسان کو اللہ تعالیٰ نے احسن تقویم پر پیدا کیا ہے۔ چنانچہ فکر و عمل میں حسن و خوبی کی جستجو اس کی خلقت کا لازمی تقاضا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ شر کے مقابلے میں خیر کا طالب اور سیئات کے برعکس حسنات کا تمنائی ہے۔ وہ نفرت، جھوٹ، ظلم اور بے انصافی کے بجائے اخلاص و محبت، صدق و صفا اور عدل و انصاف کا داعی اور ظلمت کے بجائے نور، تعفن کے بجائے خوشبو اور بدنمائی کے بجائے رعنائی کا مشتاق ہے۔ تہذیب و تمدن کا ارتقاء درحقیقت حسن و خوبی کی جستجو ہی کی داستان ہے۔ اس کا لفظ لفظ بتا رہا ہے کہ انسان نے ہمیشہ بہترین کا انتخاب کیا ہے۔ نشو و نما کے لئے اسے غذا کی ضرورت تھی۔ وہ اسے خار و خس اور ساگ پات سے بھی پورا کر سکتا تھا، مگر اس نے انواع و اقسام کے خوش ذائقہ کھانوں کو دسترخوان پر سجایا۔ ستر پوشی اس کی حیا کا تقاضا تھا، یہ بوریا اوڑھ کر اور ٹاٹ لپیٹ کر بھی پورا ہو سکتا تھا، مگر اس نے ریشم و دیبا اور اطلس و کمخواب کا انتخاب کیا۔ رہنے بسنے کے لئے اسے مسکن درکار تھا، اس کا بندوبست جنگلوں اور صحراؤں میں غاروں، خیموں اور جھونپڑیوں کی صورت میں بھی ہو سکتا تھا، مگر اس نے شہر آباد کئے اور ان میں عالی شان محلات آراستہ کئے۔ میل جول میں اسے ابلاغ مدعا کی ضرورت تھی۔ یہ اشاروں سے نہ سہی تو سادہ بول چال سے بھی کیا جا سکتا تھا، مگر اس نے کلام کے ایسے اسالیب وضع کئے کہ زبان شعر و ادب کے قالب میں ڈھل گئی۔

انسان کی اس تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی فطرت ہی یہ ہے کہ وہ اپنے ہر اقدام میں حسن و خوبی کا خوگر ہے۔ اس کی ظاہری و باطنی حسیات اور ان کے لوازم اس کے ذوقِ جمال کے آئینہ دار ہیں۔ چنانچہ یہ اس کا حسنِ بیان ہے کہ وہ لفظوں کو مرتب کرتا اور ان کے آہنگ اور معانی کی تاثیر سے اشعار تخلیق کرتا ہے، یہ اس کا حسنِ صوت ہے کہ وہ آواز میں درد و سوز اور لحن و غنا پیدا کرتا اور اس کے زیر و بم سے راگ اور سُر ترتیب دیتا ہے، یہ اس کا حسنِ سماعت ہے کہ وہ اپنے ماحول کی آوازوں سے مسحور ہوتا اور انہیں محفوظ کرنے کے لئے ساز تشکیل دیتا ہے اور یہ اس کا

حسنِ نظر ہے کہ وہ قدرت کی رعنائیوں سے مسرور ہوتا' گرد و پیش کی تزئین و آرائش کرتا اور رفتہ کی یادگاروں' حاضر کے نظاروں اور آئندہ کے تصورات کو تصویروں میں ڈھالتا ہے۔ حسنِ بیان' حسنِ صوت' حسنِ سماعت اور حسنِ نظر کی صورت میں انسان کا یہی ذوق جمالیات جب اپنے کمال کو پہنچتا ہے تو فن کا مقام حاصل کرتا ہے اور شاعری' موسیقی اور مصوری سے موسوم ہوتا ہے۔ شعر و ادب' ساز و سرود اور تصویر و تمثیل سے متعلق انہی فنون کے مجموعے کا عنوان فنون لطیفہ ہے۔ یہ انسان کی نفسی تسکین کا باعث بنتے اور اس کے جمالیاتی وجود کے لئے حظ و نشاط کا سامان کرتے ہیں۔

فنون لطیفہ مباحات فطرت میں سے ہیں' اس لئے ان کی اباحت میں کوئی شبہ نہیں ہے' مگر ان میں سے موسیقی اور مصوری کے بارے میں بالعموم یہ تصور پایا جاتا ہے کہ اسلامی شریعت انہیں حرام قرار دیتی ہے۔ ہمارے نزدیک اس تصور کے لئے شریعت میں کوئی بنیاد موجود نہیں ہے۔ دین میں کسی چیز کے جواز یا عدم جواز کے لئے فیصلہ کن حیثیت قرآن و سنت کو حاصل ہے۔ ان کی سند کے بغیر شریعت کی فہرست حلت و حرمت میں کوئی ترمیم و اضافہ نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ ایمان کا تقاضا ہے کہ جن امور کو یہ جائز قرار دیں' انہیں پورے شرح صدر کے ساتھ جائز تصور کیا جائے اور جنہیں ناجائز قرار دیں' فکر و عمل کے میدان میں ان کے جواز کی کوئی راہ ہرگز نہ ڈھونڈی جائے۔

☆☆☆

دین کے مصادر میں فن مصوری کے مختلف مظاہر کا ذکر مثبت اسلوب میں آیا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ کے ایک برگزیدہ نبی سیدنا سلیمان علیہ السلام کے تصویریں اور مجسمے بنوانے کا تذکرہ ہے۔ بائبل میں انہی جلیل القدر پیغمبر کے حوالے سے بیان ہوا ہے کہ انہوں نے اپنے گھر اور اللہ کی عبادت گاہ کو تصویروں اور مجسموں سے مزین کیا تھا۔ حدیث کی کتابوں میں نقل ہوا ہے کہ نبی ﷺ نے اس فن کی بعض مصنوعات سے بالعموم گریز فرمایا' تاہم عام لوگوں کے لئے آپ نے ان کے استعمال پر اصلاً کوئی پابندی نہیں لگائی۔ ان روایتوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے گریز کا سبب آپ کا طبعی میلان اور منصب نبوت کی ذمہ داریاں تھیں۔

ان ماخذ میں فن مصوری کی بعض اصناف کی شناعت بھی مذکور ہے' مگر اس کا تعلق سرتاسر مشرکانہ تماثیل و تصاویر سے ہے۔ قرآن مجید نے پوجی جانے والی تماثیل ہی کی مذمت فرمائی ہے' بائبل میں ایسی مورتیں بنانے سے منع کیا گیا ہے جن کی پرستش کی جاتی تھی اور احادیث میں بھی معبود ٹھہرائے جانے والے مجسموں اور ان کی تصویروں اور شبیہوں کو مذموم قرار دیا گیا ہے اور انہیں بنانے والے مصوروں کے بارے میں اخروی عذاب کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس بنا پر یہ بات نہایت اطمینان سے کہی جاسکتی ہے کہ

تماثیل و تصاویر کی یہ شناعت علی الاطلاق نہیں، بلکہ اس کے بعض مظاہر کے شرک سے متعلق ہونے کی وجہ سے ہے۔

اس ضمن میں ہمارے بیشتر علماء اور فقہا کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جان دار مخلوقات کی تصاویر حرام اور بے جان کی جائز ہیں۔ اس کی اساس ان کے نزدیک وہ روایات ہیں جن میں اللہ کی مخلوق کے مشابہ مخلوق بنانے کی مذمت کی گئی ہے اور ایسی تصویریں اور مجسمے بنانے سے منع کیا گیا ہے جن میں روح پائی جاتی ہے۔ ہمارے نزدیک یہ نقطۂ نظر مذکورہ روایتوں کے صحیح فہم پر مبنی نہیں ہے۔ ان روایتوں کو اگر دیگر روایات اور تاریخی پس منظر کی روشنی میں سمجھا جائے تو ف یہ بات پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ یہ ممانعت صرف اور صرف مشرکانہ تصویروں کے ضمن میں ہے۔ مشرکین عرب بعض مخصوص مجسموں میں فرشتوں، جنوں اور انسانوں کی روحوں کے حلول کے قائل تھے اور انہیں حی و قیوم اور نافع و ضار سمجھ کر ان کی پرستش کرتے تھے۔ چنانچہ نبی ﷺ نے ان مجسموں کو اور ان کی شبیہ پر بننے والی تصویروں کو اللہ کی مخلوق جیسی مخلوق بنانے سے تعبیر کیا اور انہیں بنانے اور گھروں میں رکھنے سے منع فرمایا۔

اس تناظر میں ہمارا نقطۂ نظر یہ ہے کہ دیگر فنون لطیفہ کی طرح فن مصوری بھی مباحات فطرت میں سے ہے۔ اسلامی شریعت نے اس کی فطری اباحت کی تائید کی ہے اور اس کی حرمت و شناعت کا کوئی حکم صادر نہیں کیا۔ چنانچہ مجسمہ سازی، تصویر کشی، کندہ کاری، نقاشی اور اس نوع کے دیگر فنون مصوری بجا طور پر استعمال کئے جا سکتے اور تہذیب و تمدن کے ارتقا میں ان کی صنعتوں سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ جہاں تک قرآن، بائبل اور احادیث میں مذکور ان کے بعض مظاہر کی شناعت کا تعلق ہے تو اس کا سبب ان کا مشرکانہ مراسم کے لئے مستعمل ہونا ہے۔ کسی صنف کو اگر لوگ غیر دینی اور غیر اخلاقی مقاصد کے لئے استعمال کریں گے تو اسے لازماً شنیع قرار دیا جائے گا، مگر ظاہر ہے کہ یہ شناعت اس صنف سے نہیں، بلکہ دینی و اخلاقی مفاسد سے متعلق ہوگی۔ یہ مفاسد جب تک اس صنف کے ساتھ وابستہ رہیں گے، شناعت قائم رہے گی اور جب منفک ہو جائیں گے تو شناعت بھی ختم ہو جائے گی۔ چنانچہ مصوری کے مظاہر کی حرمت و اباحت کا تعلق ان کے جان دار اور بے جان یا حیوان ہونے سے نہیں ہے۔ اس کا تعلق اصلاً دینی و اخلاقی عوارض سے ہے۔ یہ عوارض اگر کسی شبیہ یا تصویر میں موجود ہیں تو وہ جان دار کی ہے یا بے جان کی، بہرصورت شنیع قرار پائے گی اور اگر وہ ان سے خالی ہے تو شجر و حجر کی ہے یا انسان و حیوان کی، ہر حال میں مباح ہوگی۔

قرآن مجید اور مصوری

ولسلیمٰن الریح غدوھا شھر ورواحھا شھر واسلنا لہ عین القطر ومن الجن من یعمل بین

یدیه باذن ربهٖ ومن یزغ منهم عن امرنا نذقه من عذاب السعیرo یعملون له ما یشاء من محاریب و تماثیل وجفان کالجواب وقدور رٰسیٰت اعملوا اٰل داود شکراً و قلیل من عبادی الشکور۔

(السبا34:12-13)۔

''اور ہم نے سلیمان کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا۔ اس کا جانا بھی مہینا بھر کا ہوتا اور آنا بھی مہینا بھر کا ہوتا اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا اور جنات میں سے بھی اس کے لئے مسخر کر دیے جو اس کے رب کے حکم سے اس کے حضور میں خدمت کرتے (اور ان کے لئے ہمارا حکم یہ تھا کہ) جو ان میں سے ہمارے حکم کی سرتابی کرے گا تو ہم اس کو دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔ وہ اس کے لئے بناتے جو وہ چاہتا: محرابیں' تماثیل' حوضوں کے مانند لگن اور لنگر انداز دیگیں۔۔۔ اے آل داؤد' شکر گزاری کے ساتھ عمل کرو اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہی ہیں''۔

سورۂ سبا کے اس مقام پر ان انعامات کا ذکر ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر سیدنا سلیمان علیہ السلام کو عطا فرمائے تھے۔ ان میں سے ایک انعام یہ بیان ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بعض جنات کو سیدنا سلیمان علیہ السلام کے لئے مسخر کر دیا تھا۔ وہ آپ کے تابع فرمان تھے اور آپ کی خواہش کے مطابق مختلف خدمات انجام دیتے تھے۔ آپ نے انہیں جن کاموں پر مامور فرمایا' ان میں سے ایک کام یہ بھی تھا کہ وہ آپ کے لئے تماثیل یعنی تصویریں اور مجسمے بناتے تھے۔[1]

سورۂ سبا کی ان آیات سے مصوری کے بارے میں حسب ذیل باتوں کی وضاحت ہوتی ہے:

اولاً: اللہ کے ایک برگزیدہ پیغمبر نے اپنے تابع فرمان جنوں سے تصویریں اور مجسمے بنوائے۔ پیغمبر چونکہ اللہ کی براہ راست راہنمائی میں زندگی بسر کرتا ہے' اس لئے یہ امر یقینی ہے کہ اس سے شعوری طور پر کوئی غیر مباح عمل صادر نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ سیدنا سلیمان علیہ السلام کا یہ عمل تصویر کی اباحت پر دلیل قاطع ہے۔

ثانیاً: سیدنا سلیمان علیہب السلام کے اس عمل کا ذکر قرآن مجید نے کیا ہے۔ یہ کتاب برحق ہے۔ یہ اگر کسی واقعے کی تصدیق کر دے تو اس کے بارے میں شک وشبہے کا ہر احتمال ختم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ قرآن کا مذکورہ واقعے کو بیان کر دینا ہی اس کی صحت کی دلیل ہے۔ مزید براں قرآن کے اس ذکر سے ان تفصیلات کی بھی تصدیق ہوتی ہے جو سیدنا سلیمان علیہ السلام کے تعمیر کردہ ہیکل اور محل میں تصویروں اور مجسموں کے حوالے سے تورات میں بیان ہوئی ہیں۔[2]

---

[1] 'تماثیل' 'تمثال' کی جمع ہے۔ یہ لفظ حیوانات اور جمادات ونباتات کی صورت میں تمام مخلوقات کی تصویروں اور مجسموں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ [2] تورات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تصویریں اور مجسمے حیوان اور غیر حیوان' دونوں طرح کی مخلوقات کے تھے اور سیدنا سلیمان علیہ السلام نے انہیں ہیکل اور اپنے محل کی تعمیر کے موقع پر بنوایا تھا۔ (سلاطین 30:27,30:18)۔

ثالثاً: ان آیات میں تماثیل کے ساتھ یکساں طور پر محرابیں، حوضوں کے مانند لگن اور لنگر انداز دیگیں بنانے کا ذکر ہوا ہے۔ اس یکساں ذکر کی وجہ سے مذکورہ چار چیزوں پر باہم مختلف حکم نہیں لگایا جا سکتا۔ یعنی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان میں فلاں چیز جائز ہے اور فلاں ناجائز ہے۔ جواز کا حکم لگانا ہے تو سبھی پر لگے گا اور عدم جواز کے حکم کا اطلاق کرنا ہے تو سبھی پر ہوگا۔ چنانچہ یہاں اگر محرابوں، لگنوں اور دیگوں کے جواز کا حکم مستنبط ہوتا ہے تو تماثیل کو اس حکم سے ہرگز خارج نہیں کیا جا سکتا۔

رابعاً: تماثیل کا لفظ حیوان اور غیر حیوان، دونوں کی تصویروں اور مجسموں پر محیط ہے۔ اس مفہوم کی بنا پر یہ بات یقینی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ جب یہ لفظ مجرد طور پر استعمال ہو تو اس کے مفہوم سے حیوانات کی تصویروں کو ہرگز خارج نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں یہ لفظ کسی تخصیص کے بغیر استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ قرین قیاس یہی ہے کہ سیدنا سلیمان علیہ السلام نے حیوان اور غیر حیوان، دونوں طرح کی مخلوقات کی تصویریں اور مجسمے بنوائے تھے۔

خامساً: آیت کے اختتام پر ''اے آل داؤد، شکر گزاری کے ساتھ عمل کرو'' کے الفاظ سے واضح ہے کہ مذکورہ چیزیں انعامات ہی کی نوعیت کی تھیں۔ اللہ کی شکر گزاری اس کے فضل و انعام ہی سے مستلزم ہے۔ مولانا امین احسن اصلاحی آیت کے ان الفاظ کے تحت لکھتے ہیں:

> ''یہ اس فضل و انعام کا بیان ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام پر فرمایا۔ ان کو ہدایت ہوئی کہ اس علم و سائنس اور ان ارضی و سماوی برکات کو پا کر بہک نہ جانا، بلکہ اپنے رب کی شکر گزاری کے ساتھ ہر چیز اس کے صحیح محل میں برتنا اور ہر قدم صحیح سمت میں اٹھانا۔ یہ نصیحت یوں تو اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت زبان حال سے بھی کرتی ہے، لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام پیغمبر تھے، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے سے بھی ان کو ہدایت فرمائی''۔ (تدبر قرآن 6:305)۔

سادساً: قرآن مجید نے اس موقع پر تماثیل کی حرمت و شناعت کا کوئی اشارہ نہیں دیا۔ چنانچہ یہ رائے صحیح نہیں ہے کہ یہ سابقہ شریعتوں میں جائز اور اسلامی شریعت میں ناجائز ہیں۔ اگر یہ بات درست ہوتی تو قرآن اسی مقام پر یا کسی دوسرے مقام پر شریعت کی اس تبدیلی کو ضرور بیان کرتا۔

ان نکات کی بنا پر یہ بات نہایت اطمینان سے کہی جا سکتی ہے کہ قرآن مجید سے مصوری کی اباحت ہی معلوم ہوتی ہے۔

(بشکریہ اشراق۔۔ بابت جنوری ۲۰۰۵ء)

نوٹ: فنونِ لطیفہ سے متعلق علامہ پرویزؒ کا تحریر کردہ مقالہ ''آرٹ اور اسلام'' پمفلٹ کی شکل میں ادارہ طلوع اسلام سے دستیاب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

VOICE OF YOUTH

سندس یوسف

23 مارچ 1938ء

(نوٹ: 23 مارچ کے حوالے سے بزمِ طلوعِ اسلام کراچی صدر میں 12 سالہ بچی نے درجِ ذیل تقریر کی۔)

صوفی کی طریقت میں فقط مستی احوال
ملا کی شریعت میں فقط مستیِ گفتار
شاعر کی نوا مردہ و افسردہ و بے ذوق
افکار میں سرمست' نہ خوابیدہ نہ بیدار
وہ مردِ مجاہد نظر آتا نہیں مجھ کو
ہو جسکے رگ و پے میں فقط مستیِ کردار

معزز سامعین!

کوئی قوم ایک مضبوط نظریۂ حیات کے بغیر زیادہ عرصہ زندہ نہیں رہ سکتی۔ پاکستان دوقومی نظریے کی اساس پر وجود میں آیا۔ یہ نظریہ آفاقی ہے جو پوری نوعِ انسانی کو دو گروہوں میں تقسیم کرتا ہے۔ ایک **”الذین آمنو و عملو الصالحات“** جو وحی پر ایمان لا کر اس پر عمل پیرا ہوتا ہے اور دوسرا وہ گروہ جو اس سے کفر اور روگردانی اختیار کرتا ہے۔

پاکستان کے نام پر یہ مملکت اسی نظریے کی تجربہ گاہ بنانے کی خاطر وجود میں آئی۔ اس کے پس منظر میں علامہ اقبالؒ کی ”نیم شب کی بے خوابیاں“ اور قائداعظم کی ان تھک محنت شامل ہے۔

محترم سامعین! آج ہم تاریخ کے انتہائی اہم اور نازک دور سے گزر رہے ہیں۔ ہم اس بلند نظریہ حیات کی اساس بھلا بیٹھے ہیں اور اپنی بنیاد کھو چکے ہیں۔ اس کے اسباب کیا ہیں؟ ہم نے سنجیدگی سے اس پر غور کرنا چھوڑ دیا ہے۔ اللہ جل شانہ کے اس فرمان کو کوئی اہمیت نہیں دی کہ ”مومن تو وہ ہیں کہ جب ان پر ان کے رب کی آیات بھی تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ اس پر بہرے اور اندھے بن کر نہیں گر پڑتے (۲۵/۷۳)۔ ہم نے سوچ بچار کا

طریقہ ترک کر دیا' چند رسوم کی اندھی تقلید کو اپنا لیا اور تنقید کے بہترین طریقِ احتساب کو چھوڑ دیا۔ ؎

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار' وہ کردار' تو ثابت' وہ سیارہ

محترم سامعین! آیئے دیکھتے ہیں کہ مغربی محققین اسلام کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں جو ملوکیت کی گود میں پلا بڑھا اور ہم تک پہنچا۔۔۔ پروفیسر برنارڈ لیوس جو ایک مکتبہ فکر کے سرخیل ہیں' مسلمانوں کے دورِ ملوکیت کا جائزہ لینے کے بعد اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ سیاسی اسلام میں بنیادی قسم کی خامیاں ہیں۔ شریعت کی پاسداری' آمریت کے لئے نرم گوشہ' خواتین کے ساتھ امتیازی ظالمانہ سلوک وغیرہ ایسی برائیاں ہیں جو مسلمانوں کو مہذب جمہوری معاشرہ بننے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر مسلمان مغرب کی طرح ترقی کرنا چاہتا ہے تو اسے مذہب کو الوداع کہنا ہوگا۔

ان کے مدمقابل ایک دوسرا مکتبہ فکر بھی ہے جن کا خیال ہے کہ اسلام پسندوں سے مغرب کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں بلکہ ان کو اقتدار میں آنے دیا جائے وہ اپنا اعتماد کھو بیٹھیں گے کیونکہ ان کے اندر حکومت کرنے کی صلاحیت ناپید ہے اور پھر طبعی طور پر اپنے مسائل کے حل کے لئے سیکولر اقدار کی طرف رجوع کریں گے۔

محترم سامعین! وہ مسلمانوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ جدیدیت حاصل کرنے کی کوشش میں اصلاحات اور انقلابات کے ذریعے تمام تر توجہ فوجی قوت بڑھانے' معاشی ترقی اور سیاسی بہتری پر لگا دی گئی مگر نتیجہ مایوسی ہی نکلا۔ ہتھیار' فیکٹریاں' سکول اور پارلیمان بھی مسلمانوں کی رفعت و عظمت واپس نہ لا سکے۔

مغربی محقق یہ بھی انکشاف کرتا ہے کہ اگر اسلام سائنس' آزادی اور معاشی ترقی کا دشمن تھا تو مسلمان ماضی میں ان تینوں میدانوں میں کیوں سب سے آگے تھا۔ ؎

وہ بھی دن تھے کہ یہی مایۂ رعنائی تھا
نازشِ موسمِ گل لالۂ صحرائی تھا
جو مسلمان تھا' اللہ کا سودائی تھا
کبھی محبوب تمہارا یہی ہرجائی تھا

اسی بنا پر کچھ لوگوں نے مختلف طریقے سے یہ سوال اٹھایا مثلاً یہ نہیں کہ اسلام نے مسلمانوں کے ساتھ کیا کیا بلکہ ''مسلمانوں نے اسلام کے ساتھ کیا کیا؟''۔

محترم سامعین! دراصل ان لوگوں کو یہ بتا دینے کی ضرورت ہے کہ یہ شریعت جو دورِ ملوکیت میں بنائی گئی ہے یہ نظام سلطنت چلانے کے لئے نہیں بلکہ مسلمانوں کے انفرادی مسائل حل کرنے کے لئے تھی۔ ظاہر ہے کہ آج تک اس طرح کی بنیاد پر ہم کوئی حکومتی ڈھانچہ کھڑا نہیں کر سکے۔ اقبال نے کیا خوب کہا ہے کہ

؎ جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

محترم سامعین! آج ہم اللہ کے قانون مکافاتِ عمل کا

شکار ہیں۔ آج بھی اگر ''توبہ'' کر لیں اور اپنی طرف بڑھتے ہوئے عذاب کو بھانپ لیں تو قومِ یونسؑ کی طرح عذاب ٹل سکتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ ہم اپنی اساس اور اپنی بنیاد پر لوٹ آئیں۔ یعنی صرف اور صرف قرآن پر۔۔ جو دوقومی نظریے کا ضامن ہے۔ مگر صد افسوس! آج تک ہم نے قرآن کو اپنی رسوم ورواج' خواہشات' دورِ ملوکیت کی روایات کے ذریعے محجور بنا رکھا ہے۔ آج مسلمان خانقاہوں میں ''ذکر وفکرِ صبح گاہی'' میں سرمست ہے۔ فرقوں گروہوں میں بٹ کر باہم دگر دست وگریباں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج مغرب کے دانش کدوں سے وہ آواز آرہی ہے جسے ہم صدیوں سے پس پشت ڈالے ہوئے ہیں۔ وہ کہہ رہے کہ تم اس لئے ناکام ہوئے کہ تم نے عورتوں کو ان کے جائز مقام سے محروم کر رکھا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تم نے آمریت کو اپنی شریعت بنالیا ہے اور سٹیٹ کی طرف سے ڈھائے جانے والے ہر ظلم کو اپنا مقدر سمجھ لیا ہے۔ انسانوں کی آزادئ فکر وعمل پر پہرے بٹھا دیے ہیں۔ انفاق فی سبیل اللہ کی تاویل دولت کو جمع کر کے چند فیصد خیرات کر لی ہے اور ''العفو'' سے منہ موڑ لیا ہے۔

اقوام سابقہ کی تباہی کے جو اسباب قرآن بیان کرتا ہے مسلمان معاشرے ان میں بری طرح لت پت ہیں۔ طبقاتی تفریق' آمر ومتکبر اربابِ سیاست' استحصالی نظامِ سلطنت' معاشرتی اور معاشی ناانصافی' قانون ایسا جو کمزوروں کے لئے آہنی اور طاقتوروں کے لئے مکڑی کا جال۔۔ اس ظالمانہ اور استبدادی نظام کا محافظ ''ہامان'' کا نمائندہ مذہبی رہنما ہے۔ جو غریبوں' کمزوروں اور مظلوموں کو دن رات محراب ومنبر سے درس دیتا ہے کہ یہ تفریق وتقسیم اللہ کی مرضی کے مطابق ہے۔ اور یہ کہ وقت کے فرعون وقارون تمہاری مظلومیت اور بھوک کے ذمہ دار ہرگز نہیں' اللہ کی مشیت میں دم مارنے کی کسی کو جرأت نہیں۔

حاضرین! قرآن ببانگ دہل اعلان کر رہا ہے کہ ظلم وناانصافی پر مبنی غیر قانونی نظام قائم کرنے والے ظالم ہیں' فاسق ہیں' کافر ہیں۔ اس کے خلاف جدوجہد نہ کرنے والے اور حالات سے سمجھوتا کرنے والوں کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے دہرے عذاب کا اعلان کر رکھا ہے۔

حاضرین! پاکستان کے عوام نے پاکستان بنایا۔ انہیں خدا نے اقبالؒ اور قائدؒ کا پاکستان بنانے کی پوری صلاحیت عطا کی ہے۔ وقت کی ضرورت یہ ہے کہ قائدؒ کی جیب کے ''کھوٹے سکوں'' سے عوام کی گردن آزاد کرائی جائے۔ نظریۂ پاکستان ان کھوٹے سکوں کی مفاد پرستی کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اس لئے جاگیردار اس نظریے کے بارے میں مذہبی راہنماؤں کی ملی بھگت سے عوام کے اندر الجھاؤ پیدا کر رہا ہے۔

قائداعظمؒ کی بنائی ہوئی آئینی کمیٹی نے اس سپونگلے کے خاتمے کی تجویز اپنی سفارشات میں مرتب کر لی تھی مگر بدقسمتی سے قائد کی آنکھ بند ہوتے ہی اس کمیٹی کو اس کی سفارشات سمیت غائب کر دیا گیا پھر ان کو کھل کھیلنے کا موقع مل گیا۔ یہ سپونگلا خوفناک اژدھا بن گیا۔ محنت کش اور باصلاحیت عوام کی آزادی

پر اور ملک کے تمام ذرائع پیداوار پر اس نے اپنا خونی پنجہ گاڑھ دیا۔

مشرقی پاکستان کے غیر جاگیردار مجیب الرحمٰن کو اکثریت کے باوجود حکومت نہ دے کر پاکستان کو دولخت کر دیا گیا۔ ترقی کا یہ دشمن، فرعون کا پیروکار، عوام کو فرقوں میں تقسیم کر کے تعصب اور نفرت پھیلا کر آپس میں لڑانا چاہتا ہے۔

آیئے اب ہم نے قرآن اور سیرت کو اپنی تلوار بنانا ہے اور اس تلوار سے اس اژدھے کا خاتمہ کرنا ہے جو ہماری آزادی کا دشمن ہے اور ان زنجیروں کو توڑ ڈالنا ہے جو ہماری سوچ کو محدود کرتی ہیں اور محض رسم و رواج کا پیروکار بناتی ہیں اور اسی تلوار کے ذریعے اس کرہ ارض پر محبت اور صلح کے جھنڈے گاڑنے ہیں اور جہاں کہیں ظالم اور استبدادی نظام قائم ہے اسے ملیامیٹ کر دینا ہے۔ مغرب اور تمام دنیا پر واضح کر دینا ہے کہ ہم میں حکومت کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور تمام مکتبہ ہائے فکر کو یہ کہنے پر مجبور کرنا ہے کہ ہم دین کو الوداع نہیں کہیں گے بلکہ اپنی سیاست میں دین کے اصولوں کو شامل کر کے ثابت کر دیں گے کہ ہم وہ سچے مسلمان ہیں جن کے بارے میں اللہ کا ارشاد ہے کہ ''جب ان کو اللہ کی زمین میں حکومت ملتی ہے تو نظام صلوٰۃ و زکوٰۃ قائم کرتے ہیں''۔ اور یہ سب ہم ہی میں سے کسی کو کرنا ہے۔ مجھے اور آپ کو ہی موسیٰ بن کر فرعون کو غارت کرنا ہے، حضرت حسینؓ کی صلاحیت پیدا کر کے موجودہ یزید کو شکست دینی ہے اور حق کا نعرہ بلند کرنا ہے اور ہم سب نے اپنی زندگی کے مقاصد کو بلند کر کے اللہ رب العزت کا ہاتھ (یداللہ) بننا ہے، اقبال کا شاہین بننا ہے اور اپنے علم اور اپنے عمل کی تلوار سے دنیا میں فتح کے جھنڈے گاڑھنے ہیں۔ ؎

بے لوث محبت ہو، بے باک صداقت ہو
سینوں میں اجالا کر دل صورتِ مینا دے
احساس عنایت کر آثارِ مصیبت کا
امروز کی شورش میں اندیشۂ فردا دے

PAKISTAN EARTHQUAKE 2005

By

Dr. Mahmood-ul-Hasan Wain

Dr. Mahmood-ul-Hasan Wain is a member of the Bazm-e-Tolu-e-Islam, London. He takes active interest in its welfare activities. Last year in October, when a severe earthquake occurred in the northern regions of Pakistan and Kashmir causing wide spread damage and destruction, the Bazms and the Idara of Tolu-e-Islam were activated in helping the victims in their own quiet way. The Idara Tolu-e-Islam donated Rs. 1,102,210/- towards the President's Relief Fund. In this connection, the report of the services rendered by Dr. Mahmood-ul-Hasan, is being presented for the readers in his own words.

The photographs with this reference are being presented in the inner side of the back title page. (Editor)

===============

During the last two years there were many natural disasters around the world but most recent and the worst devastating of all, was the earthquake in northern Pakistan and Kashmir in October last year. The whole area was flattened and many towns and cities annihilated as was witnessed by the whole world. The outpouring of aid especially by Pakistani community was phenomenal. I offered my services to our brethren with the help of our friends and community in the UK.

It was a lucky coincidence that our 40 foot container full of medical equipment and supplies reached Lahore two weeks before the earthquake__ In such circumstances logistics and timing are vital and we were lucky to have both on our side. Within a week of the quake we arranged the supplies to be transported from Lahore to Abbottabad and also collected around £ 15000.00 from our community and still more came afterwards.

We established a surgical unit in INOR Hospital, a brand new state of the earthquake-proof facility, next to the Ayub Medical Complex in Abbottabad on the 16th of October.

We chose Abbottabad as this was the major town with good necessary facilities and infrastructure near the disaster zone.

We had a team of specialists and paramedical staff from Pakistan and UK. We were very well looked after in a very comfortable summer house of a businessman. The local medical community and especially the staff of INOR did their best to keep us comfortable. Dr. Pervaiz Butt, Chairman Pakistan Atomic Energy Commission, Islamabad, visited INOR personally and facilitated us on our excellent work. We had more than enough medical supplies and equipment and donated a large amount to Ayub Medical Complex and some other charities. All of our patients were provided with excellent medical care, which I can proudly say is not available in most private hospitals in Pakistan. We provided food, blankets and also some tents to our patients and their families.

We could not ignore the patient's families as they sometimes needed more support than the patients themselves. I made sure that every patient on discharge had ten to twenty thousand rupees, which I increased to 20 to 40 thousand on my subsequent visit in January this year. I also arranged a supply of ration etc to enable them to survive harsh winter period. I stayed there for three weeks, however, medical facilities remain running till February by a string of devoted Pakistani, UK and Cuban teams. I again visited Abbottabad for a week and still there were a large number of patients who required further treatment or had none since the quake.

Lastly I must bring this to everyone's attention that the role of some big charities was simply shameful. You see their adverts on the TV and elsewhere but they were just a big fraud, thriving on people's emotions and a slick media campaign. So next time you donate, make sure it is not lining somebody's pockets.

May Allah keep us all on the right path and enable us to do ***Khidmat-e-Insaniyat*** selfishlessly.

===================

Islam-as I understand

In the Light of the Quran

By **Bashir Ahmed Abid**

(II)

=======================

MEANING OF 'SHIRK' CHANGED

'Shirk' is a comprehensive term. Idol worship is its simplest form. In fact, people worship idols because they think these got the power to change their destiny. However, it is an inferior thinking of man. God has created man as superior being among many of His creatures (17:70). It is not proper for him to submit to anyone who are either inferior to him (idols or his lowly desires) or who are mortal beings like him self (priest and rulers). Man should submit himself to the authority of God alone. He is the creator and He knows what the purpose of man's creation is? (67:14). Therefore, no one could think better than God what is best for man. When Quran says; " authority belongs to God..." (6:57) or when God condemn 'Shirk' as the biggest and un-pardonable crime (31:13;4:48), it does not mean that God dislikes deities and asserts Himself as a sovereign. He is far above emotions and far above what we associate with Him. If man associates hundreds of deities, it does not affect God's sovereignty in the universe. Secondly, He Himself has condemned compulsion in 'Al-Deen' (2:256). So, how could He threat or force human beings against their will, to follow a particular path? Actually, these admonitions are meant to inculcate the truth that man can accomplish his goals by no other means except God's laws. He can reach his destination by following God's path alone. Therefore, the real 'shirk' is not the worship of idols or deities but it is the following of paths other than the one, which God has recommended. These paths (in other words, various man-made systems) misguide man and take him far away from his destination (4:116). Values and principles in man-made systems are not enough to guide man in the right direction. By following man-made systems, he cannot emancipate from animal-instincts and lowly desires; He cannot rise to become a noble and dignified human being. It is possible only by following the value system of the Quran (28:85). It is stated in the Quran:

"God wants to raise man to the exalted ranks of humanity through the value system of the Quran. But, man follows the earthly desires which eventually brings him low to the position of beasts and worse." (7:176). This downfall is exclusively attributed to 'Shirk' in another verse, which reads as follow;

"Hunafaa lillahe ghaira Mushrikeena beh - Being true in faith to God, and never assigning partners to Him - *Wa manyushrik billahe* - if anyone assigns partners to God - *Fa ka ann ma kharra minusamai* - he is as if he had fallen from heavens - *Fa takhtafh-o-tairo au tahvee behir reeho fi makanin saheeq* - and been snatched up by birds, or the wind had swooped and thrown him into a far-distant place." (22:31)

God's given value system grooms human personality. It imparts enlightenment, and excellence of taste through intellectual and aesthetic training. It provides him protection against the spontaneous forces of nature and the society.

Accordingly, we conclude that real 'Shirk' is to follow values and principles, which are against the Quran. The real 'Shirk' is to follow the systems, which are based on non-Quranic values and principles. Quran has emphatically stated:

"La yushrik fi hukmehee ahada - God does not share His Command (values & principles) with anyone whatsoever". (18:26)

This definition of 'Shirk' is much more important and practically related with the welfare of the society. If understood rightly and taken care of, it would have liberated the masses from the evil's systems, which exploit national resources and man's labor to safeguard the interests of privileged classes against the common man's interests. The masses would have never submitted to such systems because submission to these man-made systems is no less a big crime than 'Shirk'. But the religious scholars did not pay due attention on this concept and laid undeserved emphasis in condemning idol's worship as a form of 'Shirk'. They diverted the focus of attention of the people from a dangerous and fatal form of 'Shirk' towards a simple and harmless form of 'Shirk'. Consequently, as earlier said, the Muslim masses can tolerate and bow their heads before any evil ruler no matter how much his rule is against the rule of God's Will; they can live in any man-made system no matter how much its values and principles are degraded and against the noble values of the glorious Quran, but they would never tolerate bowing before an idol. They hated idol's worship like they hate pigs whereas idols have no power either to harm or to benefit them. The religion's opium has worked rightly on them. They forgot their primary obligations to strive hard against ignorance, poverty, and undemocratic values. They never realized that idols of human desires are worst than stone's idols. These noble ideas never touched them but they dream to be known as 'Butshikan'. They have become the true embodiment of what the Quran said in this verse:

"And most of them believe not in God without associating (others as partners) with Him". (12:106)

MEANING OF 'IBADAH' CHANGED

When 'illah' came to be misinterpreted; "The one who is worshiped", instead of, "The one who is the ruler", and 'Shirk' came to be misinterpreted; "To associate idols in the worship of God", instead of, "To associate others in the rule of God" then, naturally, the meaning of 'ibadah' has to be misinterpreted; "The worship of God", instead of, "The rule of God". This change in the meanings of words along with the introduction of other non-Quranic concepts such as 'The concept of recitation' and 'The concept of five pillars' had played a key role in the transformation of 'Al-Deen' into religion.

The Quran has given a very clear concept of 'ibadah'. It simply means: "obedience to God's command". In verse (18:110) it says; *"wa la yushrik be-ibadateh rabbehe ahada* -

nor does he associate anyone in 'ibadah' of his God. And in verse (18:26) it says; *"wa la yushrik fi hukmehe ahada"*- nor does He share His Command with any person whatsoever". These verses have clearly defined the relation between 'hukm' and 'ibadah' and left no room for confusing 'ibadah' with worship. Neither God wants to share His Command with anyone nor His Messenger likes to obey anyone except God.

The concept of worship (Ibadah) is alien to 'Al-Deen'. It is a creation of religion. 'Al-Deen' is a goal-oriented system, which follows certain rules and principles. It is not a dogma but a guide to practice. Whatever it claims or promises for the welfare of people, is concrete and achievable in this world. On the contrary, religion consists of beliefs and dogmas based on wistful thinking of those people who fail to establish God's Authority against the authority of oppressive forces in the society. While the followers of 'Al-Deen' sacrifice their persons and goods to win the blessings and the pleasure of God (9:111) the religious folks have nothing to please Him in this world except to offer their praises and prayers (worship).

We may not know when? And where? The transformation of 'Al-Deen' into religion took place because social and cultural changes are evolutionary in nature and difficult to monitor. These, like a clock's hour needle, remain in motion invisibly for a long period of time before they become mature and attain perfection. However, in the light of above discussion, we are certain that Islam is no more 'al-Deen'. Although, we call it 'Al-Deen' but everywhere it is practiced as religion.

A religion cannot prove its truthfulness nor it can prove its superiority over other religions. Firstly, all religions are based on fear and ignorance. Secondly, they do not have concern with the management of worldly affairs such as politics and economy. The primary subject of religion is spirituality. In this regard, in order to see which one is true and superior, one has to wait till doomsday. On the contrary, a system has to prove its worth in this world. It is based on well-defined principles and policies. Its results and achievements are concrete and comparable. For example, when a system promises social justice it has to deliver it. Islam as a system had remained very successful. Islamic state was the embodiment of peace and justice. It had delivered all the goods to its people. But when Islam reduced to religion it became a pandemonium of chaos, confusion, and contradictions. It failed badly to deliver what it claimed. This situation persisted till now and will continue to persist till Islam is redefined as a system.

We have pointed out earlier that there are many contradictions in the present establishment. Muslims believe in unity but they are the most disunited folks in the world. They believe in fraternity but they are not fraternal to each other. They believe in peace but known to others as terrorists. They believe in human equality and dignity but these noble values are nowhere found in Muslims' societies. These and many other contradictions are found in Islam because it is not practiced as a values system. What the Muslims are practicing in the name of Islam that is purely a religion consisting mostly of biblical dogmas and Zoroastrian junk. It has very little, if any, teachings from the Quran

or the life of the Prophet (pbuh). Therefore, when we talk about the failure of Islam, in fact, we talk about the failure of "Islam" as a religion.

Dear Readers; this is just a brief review of a Great Tragedy. A tragedy: which turned a system of great values and principles into dust of religious dogmas and rituals. This unwanted transformation brought in its fold many drastic consequences to the Muslim world. The most prominent was the curse of factionalism and sectarianism. Al-Deen-al-Islam, which during the first half-century of its foundation, have worked as a coherent and dominant system on the map of the world got divided into secular Islam and religious Islam. This division never stopped. The 'secular' Islam got further divided into various political and cultural factions and the 'religious' Islam got divided into various religious sects such as sunni, and shia. Clash of Interests, which is an essential outcome of sectarianism, took them into its bloody grip and the scourge of mutual vengeance became their destiny. (6:65)

To sum up, I would say that if the Muslims want to redeem the past glory of Islam; if they want to see Islam triumphant in the world; if they want to enjoy a self-satisfied life under Islam then they have to redefine Islam as a system. For, it is the system, which can deliver these good to them - not religion.

****Wa ma 'alaina illal balagh****

REFERENCES:

- The Glorious Quran

1:1- Praise be to God, The Cherisher and Sustainer of the worlds

2:38- …whosoever follow My guidance, **on them shall be no fear, nor shall they grieve.**

2:62- Those who believe (in the Quran), and those who follow the Jewish (scripture), and the Christians and the Sabians, - **Any who believe in God and the Last Day, and work righteousness,** shall have their reward with their Lord; on them shall be no fear, nor shall they grieve.

2:151- A similar (favor have ye already received); In that We have sent among you an apostle of your own; **rehearsing to you Our signs, and sanctifying you, and educating you in the Book and Wisdom, and in new knowledge.**

2:208- O you who believe! **Enter into Islam wholeheartedly**; and follow not the footsteps of evil one; for he is to you an avowed enemy.

2:256- **Let there be no compulsion in religion:** Truth standout clear from falsehood…

3:19- **The religion before God is Islam** (submission to His Will). Nor did the people of the Book dissent there from except through envy of each other, after knowledge had come to them. But if any deny the sign of God, God is swift in calling to account.

3:85- **If any one desires a religion other than Islam (Submission to God) never it will be accepted of him,** and in the hereafter he will be in the ranks of those who have lost (all spiritual good)

3:103- And hold fast, all together, by the rope which God (stretches out for you), and **be not divided among yourselves; - ….**

3:105- Be not like those who are **divided amongst themselves and fall into disputations** after receiving clear signs; for them is a dreadful penalty.

